اوزانِ اقبال



ابوالاعجاز حفیظ صدیقی

اوزانِ اقبال

ابو الاعجاز حفیظ صدیقی

شیخ غلام علی اینڈ سنز لمیٹڈ، پبلشرز
لاہور ○ حیدر آباد ○ کراچی

جملہ حقوق بحق پبلشر محفوظ

باہتمام شیخ نیاز احمد پرنٹر،
غلام علی پبلشرز ۴۱ ہسپتال روڈ، لاہور
سے چھپوا کر چوک انار کلی، لاہور سے شائع کیا۔

اشاعت اول GHULAM. ALI
قیمت

مقام اشاعت :
شیخ غلام علی اینڈ سنز لمیٹڈ، پبلشرز
ادبی مارکیٹ، چوک انار کلی، لاہور

تعارف

اقبالیات کے بعض موضوعات ایسے ہیں کہ ان پر بہت کچھ لکھا گیا اور ابھی بہت کچھ لکھا جانے کی گنجائش موجود ہے۔ مثال کے طور پر علامہ اقبال کے نظریۂ خودی، نظریۂ فن، نظریۂ تقدیر، نظریۂ قوت اور نظریات مدنیت پر عالموں اور نقادوں نے بہت کچھ لکھا ہے۔ بہت کچھ لکھا جا رہا ہے اور ابھی بہت کچھ لکھا جائے گا۔ لیکن جناب پروفیسر ابو الاعجاز حفیظ صدیقی نے اقبالیات کے ایک ایسے موضوع پر قلم اٹھایا ہے۔ جس پر پہلے کوئی باقاعدہ کوئی کام نہیں ہوا۔ اور پھر اس موضوع کے تمام امکانات کو انہوں نے اس طرح احاطہ کیا ہے کہ اس موضوع پر مزید کچھ لکھنے کی گنجائش نہیں رہی۔

اس کتاب میں علامہ اقبال کی ہر نظم کا وزن پوری طرح تحقیق کے ساتھ معین کر دیا گیا ہے اگر کسی نظم میں دو یا دو سے زیادہ وزن استعمال ہوئے ہیں، تو اس نظم کے مختلف حصوں کی الگ الگ نشاندہی کر کے ہر حصے کا وزن بھی الگ الگ بتا دیا گیا ہے۔ گویا یہ کتاب اپنے اختصار کے باوجود کلام اقبال کو پوری طرح محیط ہے۔

اوزان و بحور کا تسمیہ ایک پیچیدہ اور میکانکی عمل ہے، جس سے بڑے بڑے محققین بھی کترا کر نکل جاتے ہیں۔ لیکن حفیظ صدیقی نے تسمیہ اوزان و بحور کے سمجھانے کے لئے نہایت آسان طریق کار اختیار کیا ہے۔ انہوں نے چند صفحات میں اہم زحافات کا عروضی عمل سمجھا دیا ہے اور پھر ہر وزن کے تعارف میں کسی بحر کے بنیادی رکن یا ارکان پر ان زحافات کے عروضی عمل کی مناسب تشریح بھی کر دی ہے۔ اس طرح اوسط علمی استعداد رکھنے والا قاری بھی ان تشریحات کی مدد سے تسمیۂ اوزان و بحور کے عمل کو بخوبی سمجھ سکتا ہے۔

کتاب میں ہیئت کا مسئلہ بھی زیر بحث آیا ہے اور اس نقطۂ نظر سے بھی کتاب کی جامعیت لائق ستائش ہے۔ مصنف نے علامہ اقبال کی ہر نظم کی ہیئت پوری قطعیت کے ساتھ معین کر دی ہے۔ تعیین ہیئت کا باب مختصر ہونے کے باوجود اپنی جامعیت کے اعتبار سے بجائے خود ایک الگ کتاب کا درجہ رکھتا ہے۔ ان چند اوراق کی اہمیت کا اندازہ اس امر سے ہو سکتا ہے کہ ایک عام قاری بھی ان کی مدد سے کسی نظم کی ہیئت پوری قطعیت کے ساتھ معین کر سکتا ہے۔ کتاب کے آخر میں کلام اقبال کے اعداد و شمار پر مشتمل چند جدولیں ضمیموں کے طور پر شامل کی گئی ہیں۔ ان جدولوں کا تعلق بھی علامہ اقبال کے استعمال کردہ اوزان اور ہیئتوں سے ہے۔

مجھے یقین ہے کہ یہ ضمیمے بھی اقبالیات میں زندۂ جاوید دستاویزات کی حیثیت اختیار کر لیں گے۔

آخر میں یہ کہنا بھی ضروری ہے کہ فاضل مصنف نے اقبالیات کا یہ میدان مراکز علمی سے دور اوکاڑا جیسے شہر میں رہ کر سر کیا ہے۔

اقبال صلاح الدین

"اگر ہم نے پابندیٔ عروض کی خلاف ورزی
کی تو شاعری کا قلعہ ہی منہدم ہو جائے گا"[1]

اقبالؒ

---

[1] اقبال نامہ حصہ اوّل صفحہ ۲۸

آئینۂ ترتیب

ابتدائیہ	۔ تعارف پیش لفظ ضروری تصریحات	ر ۹	کتاب سے کماحقہٗ استفادہ کرنے کے لئے چند ضروری تصریحات ۔
باب اول	تعیین ہیئت — مسائل اور طریق کار	۱۷	اس باب میں وہ ہیئتیں زیر بحث آئی ہیں جو علامہ اقبال نے استعمال کی ہیں ۔
باب دوم	عروض کی چند اہم اصطلاحات کا تعارف	۵۶	اس باب میں صرف ایسی اصطلاحات کا ذکر کیا گیا ہے جو اوزانِ اقبال کو سمجھنے کے لئے ضروری ہیں ۔
باب سوم	اوزانِ اقبال	۶۶	اس باب میں علامہ اقبال کے استعمال کردہ ہر وزن کی ضروری تفصیل دینے کے بعد بقید کتاب ان تمام نظموں کے عنوانات اور مصرع ہائے اولیٰ درج کر دیئے گئے ہیں، جو اس وزن خاص میں لکھی گئی ہیں ۔ ہر نظم کی ہیئت بھی اسی باب میں مذکور ہے ۔

باب چہارم	کلید اوزانِ اقبال	۲۱۱	اس باب میں ہر کتاب کی ترتیبِ منظومات کا لحاظ رکھتے ہوئے ہر نظم کا وزن نمبر بتا د گیا ہے۔ وزن کا نمبر معلوم ہو جانے پر متعل وزن، اوزانِ اقبال یا ضمیمہ نمبر ا سے بآسان دریافت کیا جا سکتا ہے۔
باب پنجم	ضمیمے:	۲۳۷	
	ضمیمہ نمبر ا	۲۳۸	اوزانِ اقبال ایک نظر میں
	ضمیمہ نمبر ۲	۲۴۱	علامہ اقبال نے اپنی مختلف تصانیف میں کون کون سے اور کل کتنے وزن استعمال کئے ہیں۔
	ضمیمہ نمبر ۳	۲۴۳	کون سا وزن علامہ اقبال کی کون کون سی تصانیف میں استعمال ہوا ہے۔
	ضمیمہ نمبر ۴	۲۴۴	کون کون سی ہیئتوں سے علامہ اقبال نے کون کون سی تصانیف میں کام لیا ہے۔
	ضمیمہ نمبر ۵	۲۴۵	علامہ اقبال کی مختلف تصانیف میں بقید وزن مختلف ہیئتوں میں کہی ہوئی نظموں کی تعداد۔ (پچیس جدولیں)

ضمیمہ نمبر ۶	۲۶۲	تصنیف وار مختلف ہیئتوں میں آنے والی نظموں کی تعداد۔
ضمیمہ نمبر ۷	۲۶۴	کلامِ اقبال ایک نظر میں (مختلف ہیئتوں کے تحت آنے والی نظموں کی بقید وزن کل تعداد)
ضمیمہ نمبر ۸	۲۶۶	متفرق نتائج۔

پیش لفظ

آج سے کوئی بارہ سال ادھر کی بات ہے، میں نے اوزان اقبال پر قلم اٹھانے کا ارادہ کیا تھا بلکہ عروض کے نقطہ نظر سے بانگ درا کا مطالعہ کر کے کچھ اشارات بھی مرتب کر لیے تھے۔ لیکن بعض مخلص احباب نے مشورہ دیا کہ علمی کساد بازاری کے اس دور میں ایسی خشک کتاب متاع کس مخر ہو کر رہ جائے گی۔ اس لئے اس نیک ارادے سے باز آؤ اور اگر دماغ سوزی کا اتنا ہی شوق ہے تو کسی یونیورسٹی سے کوئی اچھا سا موضوع منظور کرا کے، پی۔ ایچ۔ ڈی کے لئے مقالہ لکھ دو۔ میں نے احباب کے اس مشورے کا نصف اول منظور کر لیا اور نصف ثانی مسترد کر دیا۔ یعنی اوزان اقبال پر قلم اٹھانے کا ارادہ بھی ترک کر دیا اور پی۔ ایچ۔ ڈی کے لئے مقالہ بھی نہ لکھا۔ لیکن دل میں یہ خلش سی باقی رہی کہ اوزان اقبال کا پروگرام منسوخ کر کے کچھ اچھا نہیں کیا۔ جب حکومت پاکستان نے سن ۱۹۷۷ء کو سال اقبال قرار دے دیا۔ تو میں نے سوچا کہ چلو چھٹی ہوئی۔ اب کلام اقبال سے دلچسپی رکھنے والے اہل علم، اقبالیات کے متخصصین اور حکومت کی مالی اعانت سے چلنے والے اشاعتی ادارے کلام اقبال کے ان پہلوؤں کی طرف لازماً متوجہ ہوں گے، جن پر ابھی تک کام نہیں ہُوا۔ چنانچہ کوئی صاحب اوزان اقبال پر بھی قلم اٹھائیں گے اور اقبالیات کے ایوان کا یہ گوشہ بھی منور ہو جائے گا۔ لیکن یہ اطمینان عارضی ثابت ہوا۔ جلد ہی معلوم ہو گیا کہ کسی اشاعتی ادارے نے اوزانِ اقبال کو اپنے پروگرام میں شامل نہیں کیا اور اہل علم طبقے نے بھی اس موضوع کو درخور التفات نہیں جانا۔ بالآخر قرعہ فال بنام من دیوانہ زدند" کے مصداق میں نے محسوس کیا کہ قدرت کو یہی منظور ہے کہ وہ کام جسے اہل علم ہاتھ لگاتے ڈرتے ہیں، ایک طالب علم کے ہاتھوں انجام پائے۔ چنانچہ جب قرعہ میرے نام نکل آیا تو میں نے کمر ہمت باندھی اور احباب سے تعاون کی درخواست کی۔ انہوں نے کھلے دل سے تعاون کیا یعنی قرارداد کے ذریعے متفقہ طور پر مجھے ناقابل اصلاح قرار دیا اور پھر کمال فراخدلی سے مجھے میرے حال پر چھوڑ دیا۔

مری روش سے وہ ہیں غیر مطمئن تو بہت۔ الجھتے رہتے ہیں پر بد دعا نہیں دیتے یہ میرے حال پہ احباب کی عنایت ہے۔ مرے خلوص کی مجھ کو سزا نہیں دیتے مختصر یہ کہ میں نے اوزانِ اقبال پر دن رات کام کرنا شروع کیا اور بالآخر اسے پایۂ تکمیل تک پہنچا کے دم لیا۔ کتاب ۱۹۷۰ ہی میں مکمل ہو گئی تھی۔ میں سمجھتا تھا کہ کتاب مکمل ہو گئی تو کام ختم ہو گیا۔ لیکن معلوم ہوا کہ کام تو اب شروع ہوا ہے۔ کتاب لکھنا تو کوئی کام نہیں، اصل کام تو کسی ناشر کو گھیرنا ہے۔ اور یہ ایک ایسا فن ہے، جس سے یہ خاکسار نا آشنائے محض ہے۔ تب مجھے ذوالفقار احمد تابش یاد آئے۔ وہ کتابوں کی دنیا کے آدمی ہیں۔ میں نے انہیں مفصل خط لکھا۔ اور کام شروع کرنے کو کہا وہ جاپان گئے ہوئے تھے۔ واپس آکر انہوں نے میرے خط کا جواب لکھا۔ فرماتے ہیں:

"آپ کی نئی کتاب — اوزانِ اقبال — کی آؤٹ لائن دیکھی۔ ماشاءاللہ آپ نے ایک ایسے موضوع پر قلم اٹھایا ہے جس کی مثال پہلے موجود نہیں۔ مجھے یقین ہے کہ یہ کتاب سنجیدہ ادبی حلقوں میں بے حد پسند کی جائے گی۔"

لیجیئے اسے کہتے ہیں سوال از آسمان جواب از ریسمان۔ ارے بھائی میں کہتا ہوں کام شروع کرو۔ تم کہتے ہو "کتاب سنجیدہ ادبی حلقوں میں بے حد پسند کی جائے گی۔ لیکن دیوانہ بکارِ خویش ہشیار، میں نے بھی اس جملے کی پاداش میں انہیں گھیر لیا۔ چونکہ ذوالفقار احمد تابش خود بھی ایک سنجیدہ ادبی حلقے سے تعلق رکھتے ہیں، بلکہ بذاتِ خود ایک سنجیدہ ادبی حلقہ ہیں، اس لیئے میں نے اس موقعے کو غنیمت جانا اور فیصلہ کیا کہ اوزانِ اقبال کا مسودہ اس "حلقے" تک پہنچا دیا جائے اور اس حلقے سے توقع کی جائے کہ وہ اسے دوسرے سنجیدہ ادبی حلقوں تک پہنچا دے گا۔ میں نے کتاب کا مسودہ تابش صاحب کے حوالے کر دیا۔ تابش صاحب نے تھوڑے ہی عرصے کے بعد یہ خوشخبری سنائی کہ لاہور کا ایک ناشر کتاب چھاپنے پر رضامند ہو گیا ہے۔ اب میں نچنت ہو کر بیٹھ گیا۔ تھوڑے ہی دنوں کے بعد تابش صاحب نے ایک اور خوشخبری سنائی کہ ایک نسبتہً بڑا اور وقیع تر ادارہ مُصر ہے کہ یہ کتاب انہیں دے دی جائے کیونکہ وہ اس نوعیت کی کتابوں کے بہتر ناشر اور قدردان ہیں۔ تابش صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ اگر مؤخرالذکر ادارے سے کتاب چھپوائی جائے۔ تو اس کی کتابت و طباعت یقیناً بہتر ہو گی۔ تابش صاحب کی باتوں سے اندازہ ہوا کہ وہ خود بھی مؤخرالذکر ادارے کو ترجیح دیتے ہیں۔ چنانچہ میں نے معاملہ کلیتہً انہی کے

صوابدید پر چھوڑ دیا اور انہوں نے اپنے اختیارات سے کام لیتے ہوئے اول الذکر ادارے سے کتاب واپس لے کر مؤخر الذکر ادارے کو دے دی۔ یہ غالباً ۱۹۸۰ء کی بات ہے۔ گاہے ماہے مسودے کی خیر و عافیت معلوم ہوتی رہی، حتیٰ کہ ۱۹۸۲ء کا سال شروع ہو گیا۔ آخر ایک دن برادرم اقبال صلاح الدین کی رگِ حمیت پھڑک اٹھی۔ بولے "مسودہ کہاں ہے؟"

عرض کیا "لاہور میں۔ مؤخر الذکر ادارے کے پاس"

تب انہوں نے تابش صاحب سے مل کر کچھ ساز باز کی اور مسودہ حاصل کر کے اپنی تحویل میں لے لیا۔ چند ماہ اور گذر گئے۔ ۲۰ ستمبر ۱۹۸۲ء کو ملاقات ہوئی تو بولے "بہت ہو چکی آوارگی۔ کل سے کام شروع ہو گا۔"

"کیسا کام؟"

"کل سے پروف ریڈنگ شروع ہو گی" انہوں نے اعلان کیا "اوزانِ اقبال کی کتابت مکمل ہو چکی ہے" پروف ریڈنگ سے مجھے بہت الجھن ہوتی ہے جب کہ اقبال صاحب اس صبر آزما اور جانگسل کام کو اتنے خضوع خشوع سے انجام دیتے ہیں کہ حیرت ہوتی ہے۔ چنانچہ گذارش کی کہ "جب آپ اس کام کو پورے ذوق و شوق سے اور بطریقِ احسن انجام دے سکتے ہیں تو مجھ ہیچ میرز کو کیوں زحمت دیتے ہیں۔"

فرمایا "کتاب کی نوعیت کا تقاضا ہے کہ کم از کم دو آدمی مل کر پروف ریڈنگ کریں" تب مجھے عزیز القدر منظور حسین عباسی یاد آئے۔ وہ جغرافیے کے پروفیسر ہیں، لہٰذا ہر خشک کام میں دلچسپی لینے کی پوری صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان سے تعاون کی درخواست کی، جو انہوں نے بکمال رغبت منظور فرمالی۔ اس طرح پروف پڑھنے کا مرحلہ بھی طے ہو گیا۔

۱۹۷۷ء میں لکھی ہوئی یہ مایوس الاشاعت کتاب بالآخر ملک رب نواز صاحب کی علم دوستی کے طفیل اکتوبر ۱۹۸۲ء میں پریس میں جا رہی ہے۔ موصوف موقر اشاعتی ادارے — شیخ غلام علی اینڈ سنز — کے مہتمم مطبوعات ہیں۔ خدا انہیں جزائے خیر دے اور علمی کتب کی سرپرستی کی توفیق و استطاعت عطا فرمائے۔

۳۰۔ ستمبر ۱۹۸۲ء

احقر: ابوالاعجاز حفیظ صدیقی

اکاڑہ

کتاب سے کما حقہٗ استفادہ کرنے کے لئے چند

ضروری تصریحات

اوزانِ اقبال اور کلید اوزانِ اقبال دونوں میں نمبر شمار کے معنی ہیں: کسی غزل، نظم یا باب کا وہ نمبر جو علامہ اقبال نے کسی کتاب کی فہرست منظومات یا متن کتاب میں خود درج کیا ہے۔ اگر نمبر علامہ اقبال نے نہیں دیا بلکہ ہم نے اپنی سہولت کی خاطر دے لیا ہے، تو اسے عنوان کے خانے میں لکھا ہے، نمبر شمار میں نہیں۔

کلیاتِ اقبال کے نام سے علامہ اقبال کا سارا کلام دو الگ الگ جلدوں میں طبع ہوا ہے۔ ایک جلد میں سارا اردو کلام اور دوسری جلد میں سارا فارسی کلام۔ لیکن اس میں علامہ اقبال کی نظموں کی وہ ترتیب جو تصانیف اقبال کے متعدد ایڈیشنوں کے ذریعے پہلے سے متعارف ہے، پورے طور پر ملحوظ نہیں رکھی گئی۔ اس لئے یہ بتا دینا ضروری ہے کہ ہم نے سبھی کتابوں کی اس ترتیب منظومات کا لحاظ رکھا ہے جو پہلے سے متعارف ہے۔

اگر آپ یہ معلوم کرنا چاہیں کہ علامہ اقبال نے اپنی کسی تصنیف یا اپنی تمام اردو اور فارسی تصانیف میں کسی خاص وزن میں کون کون سی نظمیں کہی ہیں تو اوزانِ اقبال کا باب آپ کی مدد کرے گا۔ اس باب میں وزن بتا کر بقیدِ کتاب ان تمام نظموں کے عنوانات اور مصرع ہائے اولیٰ درج کردئے گئے ہیں جو اس وزن خاص میں لکھی گئی ہیں۔ یعنی اوزانِ اقبال میں علامہ اقبال کی ہر نظم کی نشاندہی اس وزن خاص کے تحت کر دی گئی ہے جس کے تحت اسے آنا چاہیئے۔ اگر کسی نظم کے مختلف حصے مختلف اوزان میں ہیں تو ہر حصے کی نشاندہی اس وزن خاص کے تحت کر دی گئی ہے جس سے وہ حصہ عروضی اعتبار سے تعلق رکھتا ہے۔

اگر آپ کسی کتاب کی تمام نظموں کے اوزان سے علی الترتیب آگاہی حاصل کرنا چاہیں تو کلید اوزان اقبال کا باب آپ کی مدد کرے گا۔ کلید اوزان اقبال میں ہر کتاب کی ترتیب منظومات کا لحاظ رکھتے ہوئے ہر نظم کا وزن نمبر بتا دیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر علامہ اقبال نے بانگ درا کی نظموں کے لئے فہرست میں ۱۴۷ عنوانات قائم کئے ہیں۔ کلید اوزان اقبال میں بانگ درا کے تحت ایک سے ایک سو سینتالیس تک ان نظموں کے نمبر شمار اور عنوانات بالترتیب درج کر کے ان کا وزن نمبر بتا دیا گیا ہے۔ وزن کا نمبر معلوم ہو جانے پر متعلقہ وزن اوزان اقبال یا ضمیمہ نمبر ا سے بآسانی دریافت کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ کسی خاص نظم کا وزن معلوم کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو پہلے کلید اوزان اقبال سے رجوع کرنا ہوگا جہاں کتاب وار ہر نظم کا وزن نمبر بتا دیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر آپ پیام مشرق کی نظم "کرم کتابی" کا وزن معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ پیام مشرق کی فہرست میں اس کا نمبر ۱۸ ہے۔ کلید اوزان اقبال میں پیام مشرق کے تحت اٹھارہویں نمبر پر آپ کو یہ اندراج ملے گا۔

نمبر شمار	نظم کا عنوان	وزن نمبر
۱۸	کرم کتابی	۱۴

وزن نمبر معلوم ہو جانے پر متعلقہ وزن اوزان اقبال یا ضمیمہ نمبر ا سے بآسانی دریافت کیا جا سکتا ہے۔ اگر ہیئت بھی دریافت کرنا مطلوب ہو تو باب اوزان اقبال میں وزن نمبر ۱۴ کے تحت پیام مشرق سے رجوع کیجئے۔

اگر کسی نظم میں دو یا دو سے زیادہ وزن استعمال ہوئے ہیں تو کلید اوزان اقبال میں ان دو یا دو سے زیادہ وزنوں کے نمبر مذکور ہیں تاکہ قاری اوزان اقبال میں ان سے رجوع کر سکے۔ مثال کے طور پر ارمغان حجاز کی اردو نظم "عالم برزخ" کے مختلف حصوں میں تین مختلف وزن استعمال ہوئے ہیں۔ کلید اوزان اقبال میں اس عنوان کے سامنے تینوں وزنوں کے نمبر درج ہیں۔

اگر آپ یہ معلوم کرنا چاہیں کہ علامہ اقبال نے اپنی کسی تصنیف میں کون کون سے اور کل کتنے وزن استعمال کئے ہیں تو کلید اوزان اقبال کا باب آپ کی مدد کرے گا۔ تاہم آپ کو زحمت سے بچانے کے لئے کتاب کے آخر میں ایک گوشوارہ ضمیمہ نمبر ۲ بھی شامل کر دیا گیا ہے۔ ضمیمہ نمبر ۲ میں یہ بتایا گیا ہے کہ کون سا وزن علامہ اقبال کی کون کون سی تصانیف میں استعمال ہُوا ہے۔

اگر کسی نظم کا عنوان خود علامہ اقبال نے نہیں دیا تو کلید اوزان اقبال میں نظم کے مصرع اولیٰ کو نظم کا عنوان فرض کر لیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر بانگ درا حصہ اول کے آخر میں تیرہ غزلیات آئی ہیں۔ ان غزلیات کا نمبر فہرست میں ۵۰ درج ہے۔ لیکن اس نمبر کے تحت یہ تیرہ غزلیں ہیں جن پر نہ نمبر دیا گیا ہے نہ عنوان۔ کلید اوزان اقبال میں آپ کو نمبر شمار ۵۰ کے تحت ان تیرہ غزلوں کے مصرع ہائے اولیٰ علی الترتیب درج کئے ہوئے ملیں گے۔ اور ہر مصرع کے سامنے اس غزل کا وزن نمبر درج ہو گا۔ اگر آپ اپنے نسخۂ بانگ درا کی ان غزلوں پر علی الترتیب نمبر درج کر لیں تو مزید سہولت ہو جائے گی۔ اسی طرح پیام مشرق کی فہرست مطالب میں آخری عنوان "خردہ" ہے جس پر نمبر شمار ۸۰ درج ہے۔ اس عنوان کے تحت چھوٹی بڑی سولہ نظمیں ہیں۔ چنانچہ کلید اوزان اقبال میں" نمبر شمار ۸۰ خردہ" کے تحت ان سولہ نظموں کے مصرع ہائے اولیٰ علی الترتیب درج کر کے ان کا وزن نمبر الگ بتا دیا گیا ہے۔ اگر آپ اپنے نسخۂ پیام مشرق میں ان سولہ نظموں پر ایک سے سولہ تک نمبر لگا لیں تو کسی نظم کا وزن تلاش کرنے میں مزید سہولت ہو جائے گی۔

جہاں علامہ اقبال نے کسی غزل کے عنوان کے طور پر لفظ غزل درج کیا ہے وہاں کلید اوزان اقبال میں بھی لفظ غزل (اور اگر نمبر دیا گیا ہے تو نمبر بھی) درج کرنے کے بعد پہلا مصرع درج کیا گیا ہے۔

اوزان اقبال اور کلید اوزان اقبال دونوں میں ابواب کے عنوانات بھی "نظم کا عنوان" کے خانے میں درج کر دیئے گئے ہیں۔ مگر نظم کے عنوانات سے ممیز کرنے کے لئے ان کے نیچے دد

لکیریں لگا دی گئی ہیں۔ اگر پورا باب ایک ہی وزن میں ہے تو کلید اوزان اقبال میں اس کے سامنے وزن بھی درج کر دیا گیا ہے۔ اور اگر کسی باب کی منظومات مختلف اوزان میں ہیں تو ذیلی عنوانات دے کر یا ذیلی عنوانات کی عدم موجودگی میں ہر نظم کا پہلا مصرع دے کر اس کا وزن نمبر بتا دیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر ارمغان حجاز کے باب "حضور حق" کی منظومات ایک ہی وزن میں ہیں۔ اس لئے کلید اوزان اقبال میں ہر نظم کا وزن الگ الگ بتانے کی ضرورت نہ تھی۔ جب کہ ملا زادہ ضیغم لولابی کشمیری کا بیاض ایسا باب ہے جس کی نظمیں مختلف اوزان سے تعلق رکھتی ہیں۔ چنانچہ ہر نظم کا نمبر اور پہلا مصرع دے کر اس کے وزن نمبر کی نشاندہی کر دی گئی ہے۔

اگر علامہ اقبال کی کسی تصنیف میں وزن نمبر ۹ یعنی بحر ہزج مسدس محذوف مقصور کے وزن میں دو دو شعر پر مشتمل چند قطعات یا دو بیتیاں مسلسل آ گئی ہیں تو کتاب کی ضخامت بڑھ جانے کے ڈر سے اوزان اقبال میں ہر دو بیتی یا قطعے کا پہلا مصرع دے کر اس کا وزن بتانے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ بلکہ عنوان کے خانے میں ایک نوٹ دے دیا گیا ہے کہ اس کتاب میں اس مقام پر اتنی دو بیتیاں یا قطعات مسلسل آئے ہیں اور پہلی دو بیتی یا قطعے کا پہلا مصرع درج کر دیا گیا ہے۔

اگرچہ کلید اوزان اقبال میں ہیئت کا ذکر نہیں کیا گیا لیکن اگر آپ کسی خاص نظم کی ہیئت معلوم کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو پہلے کلید اوزان اقبال ہی سے رجوع کرنا ہو گا۔ جہاں کتاب وار ہر نظم کا وزن نمبر بتایا گیا ہے۔ مثال کے طور پر آپ بانگ درا کی نظم خضر راہ کی ہیئت معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ فہرست بانگ درا میں اس نظم کا نمبر ۱۴۴ ہے۔ کلید اوزان اقبال میں نمبر ۱۴۴ کے تحت آپ کو یہ اندراج ملے گا۔

نمبر شمار	نظم کا عنوان	وزن کا نمبر
۱۴۴	خضر راہ	۱

اب اوزان اقبال میں وزن نمبر ۱ کے تحت بانگ درا کا حصہ دیکھئے۔ نمبر شمار ۱۴۴ کے تحت آپ

کو یہ اندراج مل جائے گا۔

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
۱۴۴	خضر راہ	ترکیب بند	ساحلِ دریا پہ میں اک رات تھا محوِ نظر
			(نوٹ: بیشتر بند مطلع سے عاری ہیں)

اگر کسی نظم کے مختلف حصوں میں مختلف ہیئتوں سے کام لیا گیا ہے تو اوزان اقبال میں آپ کو ہر حصے کی ہیئت کا ذکر الگ الگ مل جائے گا۔ مثال کے طور پر بالِ جبریل کی نظم "یورپ سے ایک خط" میں قطعہ اور مثنوی دو ہیئتیں استعمال ہوئی ہیں۔ اوزان اقبال میں اس نظم کے ساتھ اس امر کی وضاحت کر دی گئی ہے کہ کون سا حصہ کس ہیئت میں ہے۔

جن نظموں کو ہیئت کے اعتبار سے نظم جدید کہا گیا ہے ان کے ساتھ ہیئت کے خانے میں ہیئت نمبر بھی درج ہے۔ ہیئت کے ان مختلف نمبروں کی تفصیل آپ کو "نظم جدید (کلام اقبال میں ہیئت کے چند اور تجربے)" میں ملے گی۔ یہ مضمون باب اول (تعیین ہیئت) کا ایک حصہ ہے۔

اگر آپ یہ معلوم کرنا چاہیں کہ علامہ اقبال نے اپنی کسی تصنیف میں کون کون سی اور کل کتنی ہیئتوں سے کام لیا ہے تو ضمیمہ نمبر ۴ آپ کی مدد کرے گا۔ اس ضمیمے میں کتاب وار ہیئتوں کا ذکر کر دیا گیا ہے۔

اگر آپ یہ معلوم کرنا چاہیں کہ علامہ اقبال کی مختلف تصانیف میں بقید وزن مختلف ہیئتوں میں کہی ہوئی نظموں کی تعداد کیا ہے تو ضمیمہ نمبر ۵ آپ کی مدد کرے گا۔ اس ضمیمے میں پچیس جدولیں ہیں جو کلام اقبال میں استعمال ہونے والے پچیس اوزان سے علی الترتیب متعلق ہیں۔ ہر جدول اس وزن خاص کی حد تک پورے کلام اقبال کا احاطہ کرتی ہے۔

اگر آپ تصنیف وار مختلف ہیئتوں میں آنے والی نظموں کی تعداد معلوم کرنا چاہیں تو ضمیمہ نمبر۶ آپ کی مدد کرے گا۔ یہ جدول تصنیف وار اور ہیئت وار پورے کلام کو محیط ہے۔

اگر آپ بقید وزن مختلف ہیئتوں کے تحت آنے والی نظموں کی کل تعداد معلوم کرنا چاہیں تو ضمیمہ نمبر۷ آپ کی مدد کرے گا۔ یہ جدول گویا ضمیمہ نمبر ۵ کی پچیس جدولوں کا خلاصہ ہے۔

اگر کسی کتاب میں مختلف مقامات پر دو نظمیں ایسی آگئی ہیں جن کا عنوان ایک ہے تو رفع التباس کی غرض سے نظم کے عنوان کے ساتھ کتاب کا صفحہ نمبر بھی درج کر دیا گیا ہے۔ مثلاً پیام مشرق میں مختلف مقامات پر کرمک شب تاب کے عنوان سے دو نظمیں آئی ہیں۔ دونوں کے ساتھ صفحہ نمبر بھی درج کر دیا گیا ہے۔ جاوید نامہ، اسرار خودی، رموز بے خودی، مثنوی پس چہ باید کرد اور مثنوی مسافر کے اوزان اور کلید اوزان میں بعض مقامات پر صفحہ نمبر اس لئے درج کرنا پڑا ہے کہ یہ طویل مثنویاں ہیں لیکن ان کے ضمن میں بعض اشعار دوسرے اوزان اور ہیئتوں میں بھی آ گئے ہیں۔ عام قاری کے لئے انہیں تلاش کرنا بہت مشکل ہے کیونکہ بعض ضمنی عنوانات کے تحت دوسرے اوزان بھی آگئے ہیں۔ اور یہ عنوانات فہرست میں مذکور نہیں۔ بعض اوقات کسی ضمنی عنوان کے بغیر ہی ایک یا چند شعر دوسرے وزن میں آگئے ہیں۔ چنانچہ صفحہ کا نمبر دئے بغیر قاری سے یہ توقع نہیں کی جاسکتی کہ وہ مثنوی میں ان اشعار کو ڈھونڈ نکالے گا۔ اسی طرح بعض اور صورتوں میں بھی کسی تصنیف کا صفحہ نمبر حسب ضرورت درج کر دیا گیا ہے۔

جاوید نامہ، اسرار خودی، رموز بے خودی، گلشن راز جدید، پس چہ باید کرد اور مثنوی مسافر طویل مثنویاں ہیں لیکن تنوع کے فطری تقاضے کے تحت علامہ اقبال نے ان مثنویوں میں دیگر اوزان اور ہیئتوں کے اشعار بھی کہیں کہیں شامل کر دئے ہیں۔ اصل وزن اور ہیئت کو نمایاں کرنے کی غرض سے اوزان اقبال میں ہیئت کے گرد اور کلید اوزان اقبال میں وزن کے گرد دائرہ بنا دیا گیا ہے۔ اور حسب ضرورت وضاحت بھی کر دی گئی ہے۔

زبورِ عجم حصہ اول میں غزلیات کا نمبر شمار متعارف ایڈیشنوں میں بہت سی غلطیوں کا شکار ہوا ہے۔ غزل نمبر ۲۴ کے بعد غزل نمبر ۲۵ ہونی چاہیے۔ یہاں ۳۵ درج ہے۔ خیر یہ ۲۵ ہے۔ اس کے بعد ۲۶ سے ۲۹ تک سلسلہ نمبر درست ہے۔ اس کے بعد آنے والی غزل کا نمبر ۳۰ ہونا چاہیے مگر اس پر ۴۰ درج ہے اور دس کا یہ فرق غزل نمبر ۳۶ تک چلتا ہے۔ جس پر ۴۶ درج ہے۔ ۳۶ کے بعد غزل نمبر ۳۷ سے پھر سلسلہ نمبر درست ہو جاتا ہے اور ۴۲ تک ٹھیک چلتا ہے۔ اس کے بعد ۴۳ کی بجائے ۵۳ درج ہے اور دس کا یہ فرق حصہ اول کی آخری غزل یعنی غزل نمبر ۵۶ تک چلتا ہے۔ جس پر سلسلہ نمبر ۶۶ درج ہے۔ حصہ دوم میں پہلے ایک شعر ہے اور پھر ایک غزل جو کسی سلسلہ نمبر کی حامل نہیں۔ آگے باقاعدہ سلسلہ نمبر شروع ہو جاتا ہے۔ سلسلہ نمبر ۱۵ کی بجائے غلطی سے ۱۲ درج کر دیا گیا ہے۔ اپنے نسخہ زبورِ عجم پر ان اغلاط کی تصحیح کر لیں۔ اس کے بعد اوزانِ اقبال کے نمبروں سے رجوع فرمائیں۔

بالِ جبریل کی غزلیات کو خود علامہ اقبال نے دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلا حصہ سولہ غزلیات پر مشتمل ہے اور علامہ اقبال نے ان پر باقاعدہ سلسلہ نمبر درج کیا ہے۔ اس کے بعد غزلیات کا دوسرا حصہ شروع ہوتا ہے جو اکسٹھ غزلیات پر مشتمل ہے۔ ان غزلوں پر بھی علی الترتیب ایک سے اکسٹھ تک سلسلہ نمبر درج ہے۔ لیکن علامہ اقبال نے غزلیات کے ان دو حصوں کو حصہ اول یا حصہ دوم جیسے کسی نام سے موسوم نہیں کیا۔ چنانچہ یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ غزل حصہ اول میں ہے یا حصہ دوم میں، اوزانِ اقبال میں غزل کے سلسلہ نمبر کے نیچے ۱ یا ۲ درج کر دیا گیا ہے۔ چنانچہ ۱۵/۱ کے معنی ہیں۔ حصہ اول کی پندرھویں غزل اور ۴۲/۲ کے معنی ہیں حصہ دوم کی بیالیسویں غزل۔

کلامِ اقبال میں دوسرے شعراء کے جو اشعار ضمناً آ گئے ہیں۔ انہیں بعض صورتوں میں کلامِ اقبال سے الگ کر کے شمار کرنا ممکن نہ تھا۔ تضمین کی صورت میں تو وہ شعر اس طرح جزوِ کلام ہو جاتا ہے کہ اسے الگ شمار کرنا ناممکن ہو جاتا ہے۔ بعض صورتوں میں کسی مستعار شعر کو الگ کرنا ہیئت میں بگاڑ پیدا کرتا ہے۔ چنانچہ ایسی تمام صورتوں کے لئے یکساں طریق کار یہی

ہو سکتا تھا کہ انہیں اقبال کے اشعار کے ساتھ ہی شمار کیا جائے۔ تاہم بعض مقامات پر حسب ضرورت نوٹ دے کر وضاحت کر دی گئی ہے کہ یہ شعر یا اشعار علامہ اقبال کے نہیں۔

باب اوّل

تعیینِ ہیئت ——

اس باب میں وہ ہیئتیں زیرِ بحث آئی ہیں جو علامہ اقبال نے استعمال کی ہیں۔ پہلے ان ہیئتوں کا ذکر ہے جو علامہ اقبال کو شعرائے متقدمین سے ادبی ورثے میں ملیں اور انہوں نے ان ہیئتوں کو بلا تغیر یا کسی جزوی تغیر کے ساتھ استعمال کیا۔ جیسے غزل، قصیدہ، قطعہ، رباعی، ترکیب بند اور مستزاد وغیرہ۔ پھر ان ہیئتوں کا ذکر ہے جو علامہ اقبال کے اپنے قابلِ اعتماد ادبی شعور اور تربیت یافتہ ذوقِ جمال کا نتیجہ ہیں۔ ان ساری جدید ہیئتوں کے لئے ہم نے نظمِ جدید کی اصطلاح استعمال کی ہے۔ البتہ انہیں ایک دوسرے سے ممیز کرنے کے لئے انہیں الگ الگ نمبر دیئے گئے ہیں۔ ہر ہیئت کے تعارف میں اس امر کی کوشش بھی کی گئی ہے کہ وہ حدود اور خط و خال واضح ہو جائیں جن کی بدولت وہ ہیئت دوسری ہیئتوں سے ممیز ہوتی ہے۔ چنانچہ اس باب میں تعیینِ ہیئت کے اہم مسائل بھی زیرِ بحث آ گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مسائل اور طریقِ کار

اس کتاب میں اصناف کی بجائے ہیئتوں سے بحث کی گئی ہے۔ قارئین اور ناقدین سے گذارش ہے کہ لفظ ہیئت کو پورے طور پر سمجھ لیں۔ اور اسے صنف کے ساتھ گڈ مڈ نہ کریں۔ اصناف کا ذکر جہاں کہیں بھی آیا ہے ضمنی طور پر آیا ہے۔ ہیئت کا تعلق نظم کے خارجی پیکر سے ہے اگر کسی نظم کا خارجی پیکر مثنوی کا ہے۔ تو وہ حمد ہو یا نعت، مرثیہ ہو یا ساقی نامہ، اسے مثنوی قرار دے دیا گیا ہے۔ میں نے کلام اقبال میں سے ایسی چار ہیئتیں بھی دریافت کی ہیں جنہیں اصناف نہیں کہا جا سکتا۔ یہ ہیئتیں حسب ذیل ہیں۔

۱۔ قطعہ بتصریع شعر اول

۲۔ غزل + بیت مصرّع

۳۔ قصیدہ + بیت مصرّع

۴۔ قطعہ + بیت مصرّع

اگر اصناف زیر بحث ہوتیں تو ساقی ناموں کے لیے الگ خانہ بنایا جاتا اور بال جبریل کا ساقی نامہ اس خانے میں رکھا جاتا۔ مرثیہ کے لئے الگ خانہ بنایا جاتا اور بانگ درا کی نظم "داغ" اس خانے میں رکھی جاتی لیکن چونکہ بحث اصناف سے نہیں ہیئتوں سے ہے اور بال جبریل کا ساقی نامہ باقاعدہ ساقی ناموں کی طرح مثنوی کی ہیئت میں ہے اس لئے اسے مثنوی کی ذیل میں رکھا گیا ہے اور بانگ درا کی نظم "داغ" کو بھی مثنوی کے تحت رکھا گیا ہے کیونکہ وہ اسی ہیئت میں ہے۔ غرضیکہ اس کتاب میں جہاں کہیں بھی لفظ ہیئت استعمال ہوا ہے، اس کے معنی ہیں کسی نظم کا وہ خارجی پیکر جو نظام قوافی، مصرعوں یا بندوں کی تعداد، مصرعوں کے طول کی یکسانیت یا عدم یکسانیت، کسی مصرعے یا شعر کی تکرار اور کسی وزن خاص کی شرط وغیرہ سے معین ہوتا ہے۔

غزل یا قصیدہ؟

تعیین ہیئت کے اس طریق کار میں غزل اور قصیدے کا مسئلہ خاصا اُلجھا ہوا ہے۔ اس سلسلے میں پہلا اہم سوال یہ ہے کہ قصیدہ کو رباعی، قطعہ، مخمس اور مسدس کی طرح بلحاظ ہیئت قصیدہ کہا جاتا ہے۔ یا حمد، نعت، مرثیہ وغیرہ کی طرح بلحاظ معانی؟ یہ سوال اس لئے پیدا ہُوا کہ عوام الناس قصیدے اور مدح کو لازم و ملزوم جانتے ہیں۔ یعنی عام تصور یہ ہے کہ قصیدہ مدحیہ نظم کو کہتے ہیں اور ہر مدحیہ نظم کو قصیدہ کہا جاسکتا ہے۔ یہ ایک غلط تصور ہے۔ کیونکہ شعرا نے مدح کے لئے رباعی، قطعہ، مخمس اور مسدس کی ہیئتیں بھی اپنائی ہیں۔ اور ان رباعیوں، قطعوں، مخمسوں اور مسدسوں کو مدحیہ ہونے کے باوجود قصیدے نہیں کہا جاسکتا۔ انہیں رباعی، قطعہ، مخمس یا مسدس ہی کا نام دیا جائے گا۔ دوسری طرف قصیدے کے لئے بھی یہ ضروری نہیں کہ وہ مدحیہ ہی ہو۔ عشق و محبت، جنگ و جدل، گلہ و معذرت، اخلاق و حکمت اور ہجو و رثا جیسے موضوعات کے لئے قصیدے کے دروازے کھلے ہیں۔ چنانچہ قصیدہ اور مدح لازم و ملزوم نہیں۔ قصیدہ ایک شعری ہیئت کا نام ہے۔ بالفاظ دیگر حمد، نعت، اور مرثیہ وغیرہ کے برعکس اور رباعی، قطعہ، مخمس اور مسدس کی طرح قصیدہ بھی اردو فارسی اور عربی شاعری کی ایک ہیئت ہے۔ قصیدے کی ہیئت میں حسب ذیل امور شامل ہیں۔

۱۔ مطلع: قصیدے کا پہلا شعر مطلع کہلاتا ہے۔ اس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔

۲۔ قصیدے کے باقی اشعار میں مصرع ہائے ثانی میں قافیہ ہوتا ہے یعنی مصرع ہائے ثانی مطلع کے مصرعوں سے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ مصرع ہائے اولیٰ میں قافیہ ہونا لازم نہیں۔

۳۔ قصیدے کے لئے کسی خاص وزن کی شرط نہیں۔

یہی باتیں غزل کے بارے میں بھی کہی جاسکتی ہیں۔ مقطع غزل میں بھی ہو سکتا ہے اور قصیدہ میں بھی لیکن مقطع کا ہونا نہ قصیدہ کے لئے لازم ہے نہ غزل کے لئے۔ تعداد اشعار بھی فیصلہ کن ثابت نہیں ہوتی۔ قصیدے کے لئے کم از کم اشعار کی تعداد بعض حضرات نے پندرہ، بعض نے بیس اور بعض نے پچیس مقرر کی ہے۔ ادھر غزل میں اگرچہ بیشتر نقادوں کے نزدیک کم از کم پانچ اشعار کا ہونا لازم ہے لیکن زیادہ سے زیادہ اشعار کے لئے کوئی قطعی حد مقرر

نہیں۔ چنانچہ پندرہ، پندرہ، بیس بیس اور پچیس پچیس اشعار کی غزلیں شعرا کے ہاں بکثرت موجود ہیں۔ پھر ایک مسئلہ یہ ہے کہ اس خاص ہیئت میں تین یا چار شعر کی کوئی نظم ہو تو اسے نہ قصیدہ کہا جاسکتا ہے نہ غزل۔ کیونکہ غزل کے لئے کم از کم پانچ اور قصیدے کے لئے کم از کم پندرہ شعر کا ہونا لازم ہے۔ البتہ ایک بات ممکن ہے یعنی ایسی نظم کی ہیئت کو ہم قصیدے کی ہیئت کہہ سکتے ہیں۔ چنانچہ ہم نے ایسا ہی کیا ہے۔

ہیئت کے اس محدود تصور میں جو خارجی پیکر سے متعلق ہے، معانی سے بحث نہیں ہو سکتی۔ تاہم بحث کی تکمیل کی خاطر اس نقطہ نظر سے بھی زیر بحث مسئلے پر نظر ڈالی جاسکتی ہے۔ مجھے ایک بار پھر یہ بات کہنے کی اجازت دیجئے کہ غزل کا نظام قوافی قصیدے کے نظام قوافی سے پوری طرح مطابقت رکھتا ہے۔ چنانچہ ا ا × ا × ا × ا × ا کے نظام قوافی میں لکھی ہوئی کسی نظم کو باعتبار ہیئت قصیدہ بھی کہا جاسکتا ہے۔ اور غزل بھی۔ اور یہ اشتباہ اس وقت بالخصوص زیادہ شدید ہو جاتا ہے جب کسی نظم کے مطالب بھی کسی فیصلے پر پہنچنے میں معاون ثابت نہ ہوں۔ چونکہ قصیدے کی تشبیب میں ہر طرح کے مضامین کی گنجائش موجود ہے اور غزل کے دروازے بھی ہر طرح کے موضوعات کے لئے وا رہے ہیں۔ اس لئے جیسی باتیں غزل میں کہی جاتی ہیں۔ ویسی ہی باتیں قصیدوں میں بھی کہی گئی ہیں۔ تشبیب سے قطع نظر (کہ وہ تو ہے ہی غزل کا دوسرا نام) قصیدے میں فکر و فلسفہ کی جو گنجائش موجود ہے۔ اس سے اکثر بڑے شعراء نے فائدہ اٹھایا ہے۔ چنانچہ ایسی غزلوں اور قصیدوں کی معنوی فضا ہی نہیں مفاہیم و مطالب بھی بسا اوقات ہم رنگ ہوتے ہیں۔ جو فکر و فلسفہ کا آہنگ رکھتی ہے۔ فیضی، نظیری، عرفی اور غالب کے فارسی قصیدوں میں ایسے اشعار بکثرت موجود ہیں جنہیں فلسفیانہ غزل اپنی معراج قرار دے سکتی ہے۔ اقبال فکر و فلسفہ کے شاعر ہیں۔ چنانچہ ان کا فلسفیانہ آہنگ ان کی نظموں میں بھی موجود ہے۔ اور ان کی غزلوں میں بھی۔ مسلسل غزل کی صورت میں یہ اشتباہ دہ چند ہو جاتا ہے۔ اگر اقبال کی غزلیں جرأت، مومن، داغ یا جلال کے رنگ میں ہوتیں تو فیصلہ بہت آسان ہوتا ہم عشقیہ واردات اور معاملہ بندی کی باتوں پر مشتمل نظموں کو جو قصیدے کے فارم میں لکھی ہوئی ہوں بآسانی غزل قرار دے سکتے تھے۔ لیکن اقبال کی کسی نظم کو بآسانی غزل نہیں قرار دیا جاسکتا کیونکہ معنوی فضا، مفاہیم و مطالب اور ہیئت کے

اعتبار سے ان نظموں کو اگر غزل کہا جا سکتا ہے تو انہیں قصیدہ کہنے میں بھی کوئی امر مانع نہیں۔ عام طور پر یہ فرض کر لیا جاتا ہے کہ اگر شاعر نے نظم کا عنوان نہیں دیا اور اس کا نظام قوافی غزل یا قصیدے کا ہے تو اسے غزل قرار دے دینا چاہیئے۔ یہ بات ایک حد تک درست ہے۔ لیکن اقبال کی بعض غزلیں ایسی بھی ہیں جو دو مختلف مجموعوں میں آئی ہیں۔ ایک جگہ عنوان دیا ہے۔ دوسری جگہ عنوان نہیں دیا۔ مثال کے طور پر زبور عجم حصہ دوم میں ایک غزل آئی ہے۔ جس کا مطلع ہے۔

فروغ مشت خاک از نوریاں افزوں شود روزے
زمیں از کوکب تقدیر او گردوں شود روزے

یہی غزل جاوید نامہ میں نغمۂ ملائک کے عنوان سے درج ہے۔ اسی طرح زبور عجم حصہ دوم کی باونویں غزل جاوید نامہ میں " توبہ آوردن زنِ رقاصہ عشوہ فروش" کے عنوان کے تحت گوتم کی تقریر کے ایک جزو کے طور پر بھی پیش کی گئی ہے۔

علاوہ ازیں علامہ اقبال کی بعض غزلیں ایسی بھی ہیں جو مطلع نہیں رکھتیں۔ خیر ایسی غزلوں کو غزل بلا مطلع کہا جا سکتا ہے۔ لیکن ان غزلوں کا کیا کیجیے گا۔ جن کا آخری شعر بیت مصرع ہے۔ اور اس کے لئے الگ قوافی استعمال کئے گئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ ایسی غزل کو ہیئت کے اعتبار سے غزل نہیں کہا جا سکتا۔ مثلاً زبور عجم حصہ اول کی بارہویں اور سینتالیسویں غزل اور حصہ دوم کی پینتھویں غزل کا آخری شعر بیت مصرع ہے اور الگ قوافی میں ہے۔ (میں نے ایسی غزلوں کے لئے ہیئت کے خانے میں غزل + بیت مصرع کے الفاظ درج کئے ہیں) کہنا یہ مقصود ہے کہ ان دقتوں کے پیش نظر میں نے کسی نظم کو اسی صورت میں غزل قرار دیا ہے۔ جب اسے قصیدہ کہنے کا کوئی جواز موجود نہ ہو اور لفظ قصیدہ کو اس لئے ترجیح دی گئی ہے کہ بحث ہیئت سے ہے اور غزل کی ہیئت بجائے خود قصیدہ سے مستعار ہے۔

قطعہ قطعہ کے لغوی معنی ٹکڑے کے ہیں۔ قطعے میں قوافی کی ترتیب غزل یا قصیدے کے مطابق ہوتی ہے یعنی تمام اشعار کے مصرع ہائے ثانی ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ لیکن غزل اور قصیدے کے برعکس قطعے میں مطلع نہیں ہوتا۔ قطعے کے لئے کم از کم دو شعروں کا ہونا لازم ہے۔ زیادہ سے زیادہ اشعار کی کوئی قید نہیں۔ البتہ غزل کی طرح قطعے کا طول بھی دس بارہ

شعروں تک ہی مناسب سمجھا جاتا ہے۔ زین العابدین موتمن نے تحول شعر فارسی میں خاقانی کے تین طویل قطعات کا ذکر کیا ہے جن میں سے پہلا ترپن اشعار پر، دوسرا ساٹھ اشعار پہ اور تیسرا باسٹھ اشعار پر مشتمل ہے۔ ان قطعات کے موضوعات قصائد کے عام موضوعات ہیں: ایک امیر کے انعام واکرام کا تذکرہ، وعظ وحکمت اور مدح وستائش۔ اگر ہر قطعے کا پہلا شعر بصورت مطلع ہوتا تو یہ اچھے خاصے قصائد تھے۔ لیکن اس قسم کی مثالیں مستثنیات ہیں۔ کیونکہ قطعے کا رجحان ہر دور میں اختصار ہی کی جانب رہا ہے۔ بہرکیف قصیدے اور قطعے کی ہیئتوں کے درمیان حدِ فاصل یہی ہے کہ قصیدے میں مطلع ہوتا ہے جب کہ قطعے میں مطلع نہیں ہوتا۔

قطعہ بتصریع شعر اوّل علامہ اقبال کے کلام میں دس ایسے قطعات شامل ہیں جو دو دو شعروں پر مشتمل ہیں لیکن ان کا پہلا شعر بصورت بیتِ مصرّع ہے یعنی ان قطعات میں رباعی کی طرح پہلے مصرعے میں بھی قافیہ آیا ہے۔ اگر یہ نظمیں بحر ہزج مثمن کے اوزان اخرب واخرم میں ہوتیں تو انہیں رباعی کہا جاتا اور اگر بحر ہزج مسدس محذوف یا مقصور میں ہوتیں تو انہیں دو بیتی کا نام دیا جا سکتا تھا، لیکن یہ نظمیں نہ رباعی کے وزن میں ہیں نہ دو بیتی کے وزن میں اس لئے ان کی ہیئت کو ظاہر کرنے کے لئے ہم نے قطعہ بتصریع شعر اوّل کی اصطلاح وضع کی ہے قطعہ مصرّع کہنا اس لئے مناسب نہیں سمجھا کہ رباعی کے سلسلے میں مصرّع کا لفظ تیسرے مصرعے میں قافیہ کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔ جب کہ یہاں پہلے مصرعے میں قافیہ کی موجودگی کا اظہار مقصود ہے۔

(نوٹ: خیال رہے کہ ہم نے قصیدے کی ہیئت کو تین شعر کی کم از کم حد سے تسلیم کیا ہے)

دو بیتی اگرچہ دو بیتی کا لفظ عام طور پر رباعی ہی کے لئے استعمال ہوتا رہا ہے۔ لیکن اب بقول زین العابدین موتمن (تحول شعر فارسی ص۹۹ تا ص۱۰۴) رباعی اور دو بیتی میں فرق پیدا ہو گیا ہے اور دو بیتی نے رباعی سے الگ اپنی جداگانہ اور مستقل حیثیت حاصل کر لی ہے۔ اس قسم کی دو بیتی کو پرانے زمانے میں فہلوی اور جمع کی صورت میں فہلویات کہا جاتا تھا۔ علمی مراکز کی ادبی فارسی کے مقابلے میں اس کی لسانی خصوصیت یہ تھی کہ اس میں فارسی کے علاقائی لہجوں اور عوامی بولیوں سے کام لیا جاتا تھا۔ باباطاہر عریاں کی دو بیتیاں خاصی مشہور رہیں۔

دو بیتی بحر ہزج مسدس محذوف یا مقصور میں لکھی جاتی ہے۔ بہار[1] مرحوم کی تحقیق کے مطابق یہ وزن ساسانی شعری اوزان میں سے ہے جو اسلامی تمدن کے دور میں بعض اصلاحات سے گزر کر عروضی قالب میں ڈھل گیا ہے۔ دو بیتی کا وزن حسب ذیل ہے۔

مفاعیلن مفاعیلن فعولن (یا مفاعیل)۔ دو بار

رباعی کی طرح دو بیتی میں بھی پہلے دوسرے اور چوتھے مصرعے کا ہم قافیہ ہونا ضروری ہے، چنانچہ ہم نے بھی علامہ اقبال کی ایسی نظموں کو جو حسب ذیل شرطوں پر پوری اترتی ہیں، دو بیتی کے تحت شمار کیا ہے۔

۱۔ وزن : مفاعیلن مفاعیلن فعولن یا مفاعیل (دو بار)

۲۔ طول : دو شعر یا بالفاظ دیگر چار مصرعے۔

۳۔ نظام قوافی : ا ا x ا (یعنی پہلا دوسرا اور چوتھا مصرع ہم قافیہ)

رباعی رباعی کی ہیئت حسب ذیل قواعد و شرائط کی پابند ہے :

۱۔ رباعی صرف چار مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے۔

۲۔ پہلا دوسرا اور چوتھا مصرع لازماً ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ تیسرے مصرعے میں قافیہ ضروری نہیں۔ تیسرے مصرعے میں قافیہ موجود نہ ہو تو ایسی رباعی خصی یا غیر مصرع کہلاتی ہے۔ اور اگر چاروں مصرعوں میں قافیہ ہو تو ایسی رباعی کو مصرع کہیں گے۔

۳۔ رباعی کے لئے بحر ہزج مثمن کے اوزان اخرب و اخرم مقرر ہیں جو تعداد میں چوبیس ہیں۔ بارہ اوزان کا تعلق بحر ہزج کے دائرہ اخرب القصدر والابتداء سے ہے اور بارہ کا تعلق دائرہ اخرم القصدر والابتداء سے۔ رباعی انہی اوزان میں کہی جاتی ہے۔

۴۔ رباعی کے لئے یہ ضروری نہیں کہ سارے مصرعے ایک ہی وزن میں ہوں۔ رباعی کے چار مصرعے چار مختلف اوزان میں لکھے جا سکتے ہیں۔ شرط یہ ہے کہ چاروں اوزان بحر ہزج

---

[1] ڈاکٹر ذبیح اللہ صفا نے گنج سخن میں اور فتح اللہ مجتبائی نے ترجمہ تاریخ ادبیات ایران میں دو بیتی کے بارے میں لگ بھگ یہی باتیں کہی ہیں۔ ابوالاعجاز۔

کے مقررہ چوبیس اوزان میں سے ہوں۔ بعض سخت گیر نقادوں نے اخرب اور اخرم اوزان کو ایک رباعی میں جمع کرنا جائز نہیں سمجھا۔ یعنی وہ چاہتے ہیں کہ ایک رباعی میں یا اوزان اخرب سے کام لیا جائے یا اوزان اخرم سے۔ لیکن رباعی گو شعرا نے اوزان اخرب اور اوزان اخرم کو الگ الگ رکھنے کی یہ پابندی قبول نہیں کی۔ علامہ اقبال کے کلام میں صرف دو رباعیاں ملتی ہیں۔ ایک اردو میں ہے جو بانگ درا میں شامل ہے اور دوسری فارسی میں جو پیام مشرق میں آئی ہے۔ علامہ اقبال نے رباعی کے چوبیس اوزان میں سے صرف دو استعمال کیے ہیں۔ اور دونوں کا تعلق اوزان اخرب الصدر والا بتدا سے ہے۔

مثنوی

مثنوی اردو فارسی شاعری کی ایک معروف ہیئت ہے۔ مثنوی میں دو دو مصرعے باہم مقفیٰ ہوتے ہیں یا یوں کہئے کہ ہر شعر بیت مصرع ہوتا ہے اور ہر شعر کے قافیے الگ ہوتے ہیں۔ یعنی کوئی شعر قافیے کے اعتبار سے کسی دوسرے شعر یا مصرعے کا تابع نہیں ہوتا۔ مثنوی میں قوافی کا نظام حسب ذیل ہوتا ہے:

———— ا

———— ا

———— ب

———— ب

———— ج

———— ج   علیٰ ہذا القیاس

مثنوی میں اشعار کی تعداد پر کوئی پابندی نہیں۔ فردوسی کا شاہنامہ مثنوی ہے اور ساٹھ ہزار اشعار پر مشتمل ہے۔ غزل اور قصیدے کے برعکس مثنوی ہر وزن میں نہیں کہی جا سکتی۔ اس کے لئے سات بحریں مقرر کر دی گئی ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

۱۔ بحر متقارب مثمن محذوف الآخر یا مقصور الآخر یعنی فعولن فعولن فعولن فعل یا فعول (دو بار) شاہنامہ فردوسی، بوستان سعدی اور میر حسن کی مثنوی سحر البیان اسی وزن میں ہیں۔ علامہ اقبال کا ساقی نامہ (بال جبریل) اسی وزن میں ہے۔ اس وزن اور مثنوی کی ہیئت میں

دس چھوٹی چھوٹی نظمیں بھی علامہ اقبال کے کلام میں موجود ہیں۔

ب۔ بحرِ ہزج مسدس محذوف الآخر یا مقصور الآخر یعنی مفاعیلن مفاعیلن فعولن یا مفاعیل (دوبار) غنیمت کنجاہی کی مثنوی نیرنگ عشق اسی وزن میں ہے۔ علامہ اقبال کی مثنوی گلشن راز جدید بھی اسی وزن میں لکھی گئی ہے۔

ج۔ بحرِ ہزج مسدس اخرب مقبوض محذوف الآخر یا مقصور الآخر یعنی مفعول مفاعلن فعولن یا مفاعیل (دوبار)۔ گلزار نسیم اسی وزن میں ہے۔ یہ وزن علامہ اقبال نے مثنوی کی ہیئت میں چند چھوٹی نظموں کے لئے استعمال کیا ہے۔ مثال کے طور پر بانگ درا کی چار نظمیں چاند اور تارے، ایک شام، تنہائی اور دو ستارے مثنویاں ہیں۔ اور اسی وزن میں ہیں۔

د۔ بحرِ خفیف مسدس مخبون محذوف الآخر یا مقصور الآخر یعنی فاعلاتن مفاعلن فعلن یا فعلان (دوبار)۔ میر تقی میر کی مثنوی دریائے عشق اور قلق کی طلسم الفت اسی وزن میں ہیں۔ علامہ اقبال نے اس وزن میں جہاں تک مثنوی کی ہیئت کا تعلق ہے صرف ایک نظم کہی ہے جو بانگ درا میں "ایک گائے اور بکری" کے عنوان سے شامل ہے۔

ہ۔ بحرِ رمل مسدس محذوف الآخر یا مقصور الآخر یعنی فاعلاتن فاعلاتن فاعلن یا فاعلان (دوبار)۔ مثنوی مولانا روم اسی وزن میں ہے۔ منظومات اقبال میں سے اسرار خودی، رموز بے خودی، بندگی نامہ، جاوید نامہ، پس چہ باید کرد اور مثنوی مسافر اسی وزن میں ہیں۔ طویل مثنویوں کے لئے یہ وزن علامہ اقبال کا مرغوب ترین وزن ہے۔

و۔ بحرِ رمل مسدس مخبون محذوف الآخر یا مقصور الآخر یعنی فعلاتن (یا فاعلاتن) فعلاتن فعلن (یا فعلان) دوبار۔ غلام امام شہید کی نغمۂ عشق اسی بحر میں ہے۔ علامہ اقبال نے یہ وزن مطلق استعمال نہیں کیا۔

ز۔ بحرِ سریع مسدس محذوف الآخر یا مقصور الآخر یعنی مفتعلن مفتعلن فاعلن یا فاعلان (دوبار)۔ نظامی کی مخزن الاسرار اسی وزن میں ہے۔ یہ وزن بھی کلام اقبال میں موجود نہیں۔

شعرائے دوسرے اوزان میں بھی مثنویاں کہی ہیں۔ جامی نے سات بحروں میں مثنویاں کہی ہیں۔ سعادت یار خاں رنگین نے قدرت کلام کے اظہار کے لئے گیارہ بحروں میں مثنوی کہی ہے۔ زین العابدین موتمن

تو مثنوی کے لیے اوزان کی تخصیص ہی کے منکر ہیں۔ لکھتے ہیں:

"مثنوی مقید بوزن مخصوصی نیست ولی عموماً اوزان کوتاہ و خفیف برای آن اختیار می کنند[1]"

علامہ اقبال نے بھی بعض چھوٹی چھوٹی نظمیں مثنوی کے نظام قوافی میں مگر مثنوی کے اوزان سے ہٹ کر دوسرے اوزان میں کہی ہیں۔ مثال کے طور پر رمل مثمن محذوف یا مقصور مثنوی کا مسلمہ وزن نہیں لیکن علامہ اقبال نے اس وزن میں پچیس نظمیں مثنوی کی ہیئت میں کہی ہیں۔

مسمّط

مسمط تسمیط سے بنا ہے۔ جس کے لغوی معنی ہیں موتی پرونا اور شاعری کی اصطلاح میں مسمط کے معنی ہیں وہ نظم جو تین تین، چار چار، پانچ پانچ، چھے چھے، سات سات، آٹھ آٹھ، نو نو یا دس دس مصرعوں پر مشتمل دو یا دو سے زیادہ بندوں کی شکل میں لکھی جائے۔ مسمط میں بند اول کے تمام مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ بعد میں آنے والے ہر بند کے مصرعے (سوائے مصرع آخر کے) پہلے بند سے مختلف قافیے رکھتے ہیں۔ مگر آپس میں متحد القوافی ہوتے ہیں۔ آخری مصرع بند اول کے ساتھ ہم قافیہ ہوتا ہے۔ ہر بند میں مصرعوں کی تعداد برابر ہوتی ہے۔ ہر بند تین مصرعے کا ہو تو اسے مثلث کہیں گے۔ ہر بند چار مصرعے کا ہو تو اس ہیئت کو مربع کہا جائے گا۔ ہر بند پانچ مصرعوں پر مشتمل ہو تو اسے مخمس کہیں گے۔ (اگر ہر بند میں پانچویں مصرعے کی تکرار ہو یعنی بند اول کا پانچواں مصرع ہر بند کے آخر میں پانچویں مصرعے کے طور پر بعینہٖ دہرا دیا جائے تو اسے مخمس ترجیع بند کا نام دیا جائے گا۔) کسی مسمط کا ہر بند چھے مصرعوں کا ہو تو اسے مسدس، سات مصرعوں کا ہو تو مسبع، آٹھ مصرعوں کا ہو تو مثمن، نو مصرعوں کا ہو تو متسع اور دس مصرعوں کا ہو تو اسے معشر کہیں گے۔

(نقشہ ملاحظہ ہو:)

---

[1] تحول شعر فارسی صہ۱۰۵

مسمط کی اقسام اور ان کا نظام قوافی

بند	مثلث	مربع	مخمس	مسدس	مسبع	مثمن	متسع	معشر	وضاحت
پہلا بند	ا ا ا	ا ا ا ا	ا ا ا ا ا	ا ا ا ا ا ا	ا ا ا ا ا ا ا	ا ا ا ا ا ا ا ا	ا ا ا ا ا ا ا ا ا	ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا	تمام مصرعے ہم قافیہ
دوسرا بند	ب ب ا	ب ب ب ا	ب ب ب ب ا	ب ب ب ب ب ا	ب ب ب ب ب ب ا	ب ب ب ب ب ب ب ا	ب ب ب ب ب ب ب ب ا	ب ب ب ب ب ب ب ب ب ا	آخری مصرع بند اول کے ساتھ ہم قافیہ باقی مصرعے الگ قافیے میں مگر باہم متحد القوافی

بند	مثلث	مربع	مخمس	مسدس	مسبع	مثمن	متسع	معشر	وضاحت
	ج	ج	ج	ج	ج	ج	ج	ج	
	ج	ج	ج	ج	ج	ج	ج	ج	
تیسرا بند	ا	ج	ج	ج	ج	ج	ج	ج	آخری مصرع بند اول کے
		ا	ج	ج	ج	ج	ج	ج	ساتھ ہم قافیہ
			ا	ج	ج	ج	ج	ج	باقی مصرعے الگ قافیے ہیں
				ا	ج	ج	ج	ج	
					ا	ج	ج	ج	مگر باہم متحد القوافی
						ا	ج	ج	
							ا	ج	
								ا	

مسمط علامہ اقبال کی پسندیدہ ہیئت نہیں مسمط کی ان آٹھ اقسام میں سے علامہ اقبال نے صرف مثلث، مربع اور مخمس سے کام لیا ہے۔ پورے کلام اقبال میں صرف چار مسمط آئے ہیں جن میں سے ایک مثلث ہے۔ ایک مربع (جو بند اول سے عاری ہے) اور دو مخمس ہیں۔ کلام اقبال میں ایک مخمس ترجیع بند بھی ملتا ہے اگر اسے بھی شامل کر لیا جائے تو مسمط کی مختلف ہیئتوں میں کہی ہوئی نظموں کی تعداد پانچ تک پہنچ جائے گی۔ مسدس کی ہیئت میں علامہ اقبال نے کوئی نظم نہیں کہی البتہ دو نظمیں فقر (بال جبریل) اور رومی (ضرب کلیم) مسدس کے بند اول کی ہیئت میں موجود ہیں جنہیں ہم نے نظم جدید ہیئت نمبر ۷ میں شمار کیا ہے۔ مسبع کی ہیئت میں علامہ اقبال نے کوئی نظم نہیں کہی۔ البتہ مسبع کے بند اول کی ہیئت میں ایک نظم موجود ہے۔ یہ نظم ارمغان حجاز کی نظم عالم برزخ کا ایک حصہ ہے جو زمین کے ذیلی عنوان کے تحت آیا ہے۔ اسے ہم نے نظم جدید ہیئت نمبر ۸ قرار دیا ہے۔

مسدس ترکیب بند | مسدس اس نظم کو کہتے ہیں جو چھے چھے مصرعوں کے بندوں کی

شکل میں لکھی جائے۔ پہلے بند کے تمام مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں بعد میں آنے والے ہر بند کے پہلے پانچ مصرعے الگ قافیہ رکھتے ہیں اور باہم متحد القوافی ہوتے ہیں جب کہ چھٹا مصرع بند اول کے ساتھ ہم قافیہ ہوتا ہے جیسا کہ مسمط کے بیان میں ذکر ہوا مسدس کی صحیح ہیئت یہی ہے۔ لیکن اردو شاعروں نے مسدس کے نظام قوافی میں ایک ایسا تغیر کیا ہے جو اردو شاعری کو بہت راس آیا ہے۔ اس بدلی ہوئی ہیئت میں مسدس کا نظام قوافی یہ ہوتا ہے:

پہلا بند

ــــــــــ ا
ــــــــــ ا
ــــــــــ ا
ــــــــــ ا

ــــــــــ ب
ــــــــــ ب

ــــــــــ ج
ــــــــــ ج
ــــــــــ ج
ــــــــــ ج

ــــــــــ د
ــــــــــ د

علیٰ ہٰذا القیاس

یعنی پہلے چار مصرعے متحد القوافی کہے جاتے ہیں اور پھر دو مصرعے الگ قافیے میں بصورت بیت مصرع کہہ کر ان پر اضافہ کر دیے جاتے ہیں۔ اس طرح چھے مصرعوں کا ایک بند مکمل ہو جاتا ہے۔ اس صورت میں کوئی بند اپنے کسی قافیے کے لئے کسی دوسرے بند کا محتاج یا تابع نہیں ہوتا۔ نجم الغنی رامپوری نے بحر الفصاحت میں اس قسم کے مسدس کو مسمط کی ایک قسم ماننے سے انکار کیا ہے۔ دراصل اس قسم کے مسدس کو مسدس ترکیب بند کہنا ہی مناسب ہے۔ اردو میں مسدس کی بجائے مسدس ترکیب بند کی ہیئت ہی زیادہ متعارف ہے اور عام طور پر مسدس ترکیب بند ہی کو مسدس کہہ دیا جاتا ہے۔

انیس و دبیر کے بیشتر مراثی، حالی کا مسدس مدوجزر اسلام اور امانت لکھنوی کے واسوخت، مسدس ترکیب بند ہی کی ہیئت میں لکھے گئے ہیں۔ علامہ اقبال کو شروع شروع میں مسدس ترکیب بند سے بہت دلچسپی تھی مگر یہ دلچسپی کم ہوتے ہوتے بالکل ختم ہو گئی۔ بانگ درا کے حصہ اول میں حسب ذیل نو نظمیں مسدس ترکیب بند کی ہیئت میں لکھی گئی ہیں:

۱۔ ہمالہ	۲۔ گل رنگیں	۳۔ عہد طفلی
۴۔ مرزا غالب	۵۔ ابر کوہسار	۶۔ آفتاب صبح
۷۔ شاعر ص۵۳ (نظم نمبر۲۹)	۸۔ موج دریا	۹۔ نالۂ فراق

بانگِ درا کے دوسرے حصّے میں کوئی مسدس ترکیب بند موجود نہیں۔ تیسرے حصے میں صرف حسب ذیل تین مسدس آئے ہیں:

۱۔ وطنیت

۲۔ شکوہ

۳۔ جواب شکوہ

بانگ درا کے سوا کسی اور مجموعے میں علامہ اقبال نے کوئی نظم اس ہیئت میں نہیں لکھی۔

ترکیب بند

ترکیب بند علامہ اقبال کی مرغوب ہیئتوں میں شامل ہے۔ اپنی شاعری کے پہلے ہی دور میں انہیں ترکیب بند کی اہمیت کا احساس ہو گیا تھا چنانچہ بانگ درا میں بہت سے ترکیب بند موجود ہیں۔ مثال کے طور پر بانگ درا کی حسب ذیل نظمیں ترکیب بند کی ہیئت میں لکھی گئی ہیں:

تصویر درد۔ عشق اور موت۔ ستارہ۔ پرندے کی فریاد۔ جگنو۔ نیا شوالہ۔ چاند۔ شاعر ص۲۲۵۔ حضور رسالت مآب میں۔ طلوع اسلام۔

لیکن یہ بات خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ بعض دوسری ہیئتوں کے برعکس ترکیب بند سے علامہ اقبال کی دلچسپی اپنی شاعری کے آخری دور تک برقرار رہی۔ "محاورہ مابین خدا و انسان" اور "محاورۂ علم و عشق" پیام مشرق میں شامل ہے اور ترکیب بند کی ہیئت میں لکھی گئی ہیں۔ بال جبریل کی دو نہایت مشہور نظمیں ذوق و شوق اور مسجد قرطبہ بھی اسی ہیئت میں لکھی گئی ہیں۔

ارمغان حجاز علامہ اقبال کا آخری مجموعۂ کلام ہے جو ان کی وفات کے بعد منظر عام پر آیا۔ اس مجموعے میں بھی "مسعود مرحوم" جیسا ترکیب بند شامل ہے۔

علامہ اقبال نے ترکیب بند کی ہیئت میں بعض دلچسپ اور مفید تجربے بھی کئے ہیں۔ اصناف کے خارجی پیکر یعنی ان کے نظامِ قوافی کو ضرورت سے زیادہ اہمیت دینے والے حضرات ان تجربات کو مقررہ ہیئت سے انحراف کی مثالیں قرار دیں گے لیکن ہر قابل قدر تجربہ روایت کے کسی جز سے انحراف ہی کے بعد وجود میں آتا ہے۔ علامہ اقبال روایت اور تجربے کے رشتوں سے پوری آگہی رکھتے ہیں۔ وہ ایسے تجربات کے حق میں نہیں جو روایت کا رشتہ چھوڑ کر وجود میں آئیں یا روایت کے صالح اور پائدار عناصر کے تسلسل کو منقطع کر دیں اور اس طرح روایت آشنا ذہن کے لئے ناقابلِ فہم ہو جائیں۔ قارئین ادب کے ذوق میں ایسا فوری تغیر لانے کی کوئی کوشش کہ وہ اپنے ورثے کو یکسر فراموش کر کے نئے تجربے کی اہمیت کو تسلیم کر لیں۔ اور اس سے محظوظ ہو سکیں کامیاب نہیں ہو سکتی۔ ادب کی دنیا میں ہیئت کے وہی تجربات زندگی پاتے ہیں جن میں جدت طرازی کی کوشش کے ساتھ ساتھ روایت کا احترام بھی موجود ہو۔ چنانچہ ہیئت کے کامیاب اور قابل قدر تجربے ہمیشہ ہیئت کے پرانے اصولوں میں کسی قطع و برید، کسی حک و اضافہ، یا کسی پیوند کاری کے عمل سے وجود میں آتے ہیں۔ تجربہ خلا میں معلق نہیں سکتا۔ اسے پیر ٹکانے کے لئے بہرحال زمین کی ضرورت ہے۔ (یورپی زبانوں کی سی نظم آزاد جو وزن اور قافیہ دونوں سے عاری ہو ہمارے ہاں پروان نہ چڑھ سکی اور جب تک وزن کا اہتمام نہیں کیا گیا قارئین نے اسے نظم تسلیم نہیں کیا۔ البتہ جب وزن کی شکل میں نظم آزاد کے تجربے کو روایت کی زمین میسر آگئی تو نظم آزاد نے بھی اصناف سخن میں اپنا مقام حاصل کر لیا۔) علامہ اقبال کو اس امر کا گہرا احساس ہے کہ تجربہ روایت سے کٹ جائے تو ابلاغ میں بہت سی پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اور قارئین کا حلقہ متخصصین ادب تک سمٹ آتا ہے۔ علامہ اقبال تو اپنے افکار کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کے لئے بے تاب تھے اس لئے وہ اس قسم کا کوئی خطرہ مول نہیں لے سکتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے مروجہ اصناف سخن کے خارجی پیکر میں ایسے تغیرات پر اکتفا کیا جو اظہار و ابلاغ میں معاون ثابت ہوں اور قاری کا روایت آشنا ذہن انہیں آسانی سے قبول کر

لے۔ ترکیب بند کی ہیئت میں انھوں نے جو تجربے کئے ہیں۔ ان کی تفصیل میں جانے سے بیشتر یہ جان لینا ضروری ہے کہ ترکیب بند کی اصل ہیئت کیا ہے۔

ترکیب بند میں دو یا دو سے زیادہ بند قصیدہ (یا غزل) کی ہیئت میں لکھے جاتے ہیں۔ ہر بند ایک بیت مصرّع (مطلع) اور نئے قافیے کے ساتھ شروع ہوتا ہے تمام بندوں میں اشعار کی تعداد بالعموم برابر ہوتی ہے اور ہر بند کے آخر میں ایک بیت مصرّع یا بالفاظ دیگر دو مقفیٰ مصرعے اسی وزن مگر الگ قافیے میں لکھ کر لگا دیے جاتے ہیں۔ اس شعر کو بیت واسطہ کہتے ہیں چنانچہ ترکیب بند میں قوافی کا نظام یہ ہوگا:

پہلا بند

———— ا
———— ا
———— ×
———— ا
———— ×
———— ا
———— ×
———— ا
———— ×
———— ا

———— ب
———— ب

دوسرا بند

———— ج
———— ج
———— ×
———— ج

———————— ×

———————— ج

———————— ×

———————— ج

———————— ×

———————— ج

———————— د

———————— د

علی ہذا القیاس

اگر شاعر چاہے تو ابیات واسطہ کو جو مذکورہ بالا نقشے میں ب ب د د سے ظاہر کیے گئے ہیں۔ متحد القوافی بھی لکھ سکتا ہے۔

علامہ اقبال نے ترکیب بند کی اس مخصوص ہیئت میں جو تغیرات روا رکھے ہیں۔ ان کے نتیجے میں ترکیب بند کی حسب ذیل صورتیں وجود میں آئی ہیں :

(۱) قصیدہ + بیت مصرع (صرف ایک بند)

———————— ا

———————— ا

———————— ×

———————— ا

———————— ×

———————— ا

———————— ×

———————— ا

———————— ×

———————— و

———————— ب

———————— ب

گویا نظم، قصیدہ کے نظامِ قوافی کی پابند ہے لیکن آخر میں دو مقفیٰ مصرعے الگ قوافی میں اضافہ کئے گئے ہیں۔ بالفاظ دیگر آخر میں ایک شعر بصورت بیت مصرع شامل کر دیا گیا ہے۔ ترکیب بند کے لئے کم ازکم دو بند شرط ہیں لیکن یہاں ایک بند پر نظم کی تکمیل ہو گئی ہے۔ یہ گویا ترکیب بند کا ایک بند ہے اگر ایسا ہی ایک اور بند اس نظم پر اضافہ کر دیا جائے تو یہ ہیئت باقاعدہ ترکیب بند کی صورت اختیار کر جائے گی۔ مثال کے طور پر علامہ اقبال کی حسب ذیل نظمیں اسی ہیئت میں ہیں:

پیام صبح (بانگ درا)
محبت ״
زہد اور رندی ״
ہمدردی ״
طلبۂ علیگڑھ کے نام ״

رام (بانگِ درا)
جہانِ عمل (پیام مشرق)
حضرتِ انساں (ارمغانِ حجاز)

اوزانِ اقبال میں اس ہیئت کو ہم قصیدہ + بیت مصرع قرار دیں گے۔

یہ امر بھی دلچسپی سے خالی نہیں کہ علامہ اقبال کو ایک بند کا یہ ترکیب بند کچھ ایسا مرغوب ہے کہ بعض اوقات وہ باقاعدہ غزل کے آخر میں ایک بیت مصرع الگ قافیوں میں لے آتے ہیں اور اس طرح غزل بھی اس قسم کے ترکیب بند کے دائرے میں آ جاتی ہے۔ مثال کے طور پر زبور عجم حصہ اول کی بارھویں غزل کا مطلع ہے:

ایں جہاں چیست؟ صنم خانۂ پندار من است
جلوۂ او گروِ دیدۂ بیدار من است

پندار، بیدار، پرکار، افکار، اسرار، زنّار اور تار قافیے ہیں اور "من است" ردیف ہے لیکن غزل کے آخر میں حسب ذیل بیت مصرع لاکر اسے ایک بند کا ترکیب بند بنا دیا گیا ہے:

اے من از فیض تو پایندہ نشانِ تو کجاست　　ایں دو گیتی اثر ماست جہانِ تو کجاست

اسی طرح سینتالیسواں غزل (جس پر غلطی سے نمبر ۷۵ درج ہے۔) اس مطلع سے شروع ہوتی ہے:

خاور کہ آسماں بہ کمندِ خیال اوست — از خویشتن گسستہ و بے سوز آرزوست

سات شعر غزل کی ہیئت میں کہنے کے بعد حسب ذیل بیت مصرع لائی گئی ہے یعنی غزل کا اختتام اس آٹھویں شعر پر ہوتا ہے:

ساقی بیار بادہ و بزم شبانہ ساز
مارا خراب یک نگہ محرمانہ ساز

زبور عجم کے حصہ دوم کی ہینسٹھویں غزل کا بھی یہی حال ہے۔ مطلع یہ ہے:

بہ نگارِ آشنائے چہ درون لالہ دیدم — ہمہ ذوق و شوق دیدم ہمہ آہ و نالہ دیدم

اور آخر میں یہ بیت مصرع لائی گئی ہے:

نہ بہ ماست زندگانی! نہ زماست زندگانی!
ہمہ جاست زندگانی! زکجاست زندگانی!

بالِ جبریل کی پانچویں غزل بھی اسی ہیئت میں لکھی گئی ہے۔ اوزانِ اقبال میں اس ہیئت کو ہم غزل + بیت مصرع قرار دیں گے۔

(ب) قطعہ + بیت مصرع (صرف ایک بند)

یہ ہیئت مذکورہ بالا ہیئت و سے صرف اس اعتبار سے مختلف ہے کہ اس میں مطلع نہیں ہوتا (مطلع ہوتا تو یہ ہیئت باقاعدہ ترکیب بند کے ایک بند سے مماثل ہو جاتی)۔ اس کا نظام قوافی یہ ہے:

×——————
و——————
×——————
و——————
×——————

__________ و
__________ ×
__________ و
__________ ×
__________ و

__________ ب
__________ ب

گویا نظم قطعے کے زنظام قوافی کی پابند ہے لیکن آخر میں دو مصرعے بصورت بیت مصرع الگ قوافی ہیں اضافہ کر دئے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر اقبال کی حسب ذیل نظمیں اسی ہیئت میں لکھی گئی ہیں:

نظم	مجموعہ
ارتقا	(بانگ درا)
عید پر شعر لکھنے کی فرمائش کے جواب میں	"
تضمین بر شعر انیسی شاملو	"
تہذیب حاضر: تضمین بر شعر فیضی	"
کوشش ناتمام	"
پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ	"
عبدالقادر کے نام	"
تعلیم اور اس کے نتائج	"
فردوس میں ایک مکالمہ	"
ایک آرزو	"
سلیمیٰ	"
موٹر	"
صدیق	"

نظم	مجموعہ
جنگ یرموک کا ایک واقعہ	(بانگ درا)
نادر شاہ افغان	(بال جبریل)
جدائی	"
الارض للّٰہ	"
تسلیم و رضا	(ضرب کلیم)
نسیم و شبنم	"
قلندر کی پہچان	"
مومن	"
مے خانۂ فرنگ	(پیام مشرق)
بوئے گل	"
لالہ	"
کرم کتابی	"
جلال و ہیگل	"

آوازِ غیب — (ارمغانِ حجاز) — اوزانِ اقبال میں اس ہیئت کو ہم قطعہ + بیت مصرّع قرار دیں گے۔

(ج) قطعہ + بیت مصرّع (دو یا دو سے زیادہ بند)

یہ ہیئت مذکورہ بالا ہیئت (ب) سے اس لحاظ سے مختلف ہے کہ ہیئت "ب" میں تو ایک قطعے کے بعد ایک بیت مصرّع آکر نظم کی تکمیل کر دیتی ہے جب کہ زیرِ نظر ہیئت میں قطعہ اور اس کے آخر میں آنے والی بیت مصرّع مل کر نظم کا ایک حصہ بنتے ہیں گویا ایک بند کی حیثیت اختیار کر لیتے ہیں۔ اس ہیئت کا نظامِ قوافی یوں ہو گا:

پہلا بند

———— ×
———— ا
———— ×
———— ا
———— ×
———— ا
———— ×
———— ا
———— ×
———— ا

———— ب
———— ب

دوسرا بند

———— ×
———— ج
———— ×
———— ج

——————— x

——————— ج

——————— x

——————— ج

——————— x

——————— ج

——————— د

——————— د

(اگر ہر بند کا پہلا شعر بصورت مطلع ہوتا تو یہ باقاعدہ ترکیب بند قرار پاتا)۔علامہ اقبال کی حسب ذیل نظمیں اسی ہیئت میں لکھی گئی ہیں :

عاشق ہرجائی (بانگ درا)
شفاخانۂ حجاز "
شمع اور شاعر "
طارق کی دعا (بالِ جبریل)
تاتاری کا خواب "

نوائے مزدور (پیامِ مشرق)
اگر خواہی حیات اندر خطرزی "
اسے ہم اوزانِ اقبال میں ترکیب بند قرار دیں گے مگر اس کے ساتھ نوٹ کی صورت میں وضاحت کی جائے گی کہ ہر بند مطلع سے عاری ہے۔

(د) (قطعہ + بیت مصرع) + قطعہ

گویا بلامطلع ترکیب بند کی صورت میں صرف ایک بند لکھ کر اس پر ایک قطعے کا اضافہ کردیا گیا ہے۔ ترتیب قوافی یوں ہوگی :

——————— x

——————— ا

——————— x

——————— ا

———————— ×

———————— ا

———————— ×

———————— ا

———————— ×

———————— ا

———————— ب

———————— ب

———————— ×

———————— ج

———————— ×

———————— ج

پیام مشرق کی نظم موسیولینن وقیصر ولیم اسی ہیئت میں لکھی گئی ہے ۔

(۵) قطعہ + (قطعہ + بیت مصرّع)

گویا پہلے ایک قطعہ لکھ کر اس پر بلا مطلع ترکیب بند کا ایک بند اضافہ کر دیا گیا۔ نظام قوافی یہ ہوگا:

———————— ×

———————— ا

———————— ×

———————— ا

———————— ×

———————— ا

———————— ×

________ ،

× ________

ب ________

× ________

ب ________

× ________

ب ________

× ________

ب ________

ج ________

ج ________

ضربِ کلیم کی نظم بعنوان تمہید اسی ہیئت میں ہے۔

(و) بعض بند صحیح ترکیب بند کی صورت میں (یعنی قصیدہ + بیت مصرّع) اور بعض بند بلا مطلع (یعنی قطعہ + بیت مصرّع)، جیسے علامہ اقبال کی حسب ذیل نظمیں:

شیکسپیر (بانگِ درا)
التجائے مسافر 〃
پھولوں کی شہزادی 〃
سیرِ فلک 〃
اخترِ صبح 〃
بلال 〃

جاوید سے (ضربِ کلیم)
پیام (پیامِ مشرق)

اس ہیئت کو اوزانِ اقبال میں ہم ترکیب بند قرار دیں گے مگر معیاری ترکیب بند سے اس کے اختلاف کو نوٹ کی صورت میں واضح کر دیا جائے گا۔

(ز) ترکیب بند کی ہیئت میں بیت واسطہ لازمی سمجھی جاتی ہے۔ بیت واسطہ سے مراد الگ قوافی رکھنے والی وہ بیت مصرّع ہے جو بند کی تکمیل کرتی ہے۔ لیکن اقبال نے ایسے ترکیب بند بھی لکھے ہیں جن میں بیت واسطہ موجود نہیں۔ مثال کے طور پر بالِ جبریل کی نظم

"ایک نوجوان کے نام" اسی ہیئت میں لکھی گئی ہے۔ دو بند ہیں اور دونوں بیت واسطہ سے عاری ہیں۔ یہ گویا قصیدہ + قصیدہ یا غزل + غزل کی ہیئت ہے۔ مثال کے طور پر پیام مشرق کی نظم حور و شاعر اسی ہیئت میں ہے۔ اس ہیئت کو ہم قصیدہ + قصیدہ یا غزل + غزل قرار دیں گے۔

(ح) بعض بند بیت واسطہ سے عاری۔

یہ ہیئت، ہیئت "ز" سے اس اعتبار سے مختلف ہے کہ ہیئت "ز" میں تو سبھی بند بیت واسطہ سے عاری تھے جب کہ اس ہیئت میں بعض بند بیت واسطہ رکھتے ہیں اور بعض بند بیت واسطہ سے عاری ہیں۔ مثال کے طور پر بانگ درا کی نظم بزم انجم کا ذکر کیا جا سکتا ہے۔ جس کا تیسرا بند بیت واسطہ سے عاری ہے۔ (پہلا اور دوسرا بند مطلع سے عاری ہیں) اس ہیئت کو ہم اوزانِ اقبال میں ترکیب بند قرار دیں گے مگر ساتھ ہی وضاحت کی جائے گی کہ فلاں بند بیت واسطہ سے عاری ہے۔

(ط) قصیدہ + قطعہ + (قطعہ + بیت مصرع)

اس کا نظام قوافی یوں گا:

———— ا
———— ا
———— ×
———— ا
———— ×
———— ا
———— ×
———— ا

———— ×
———— ب

——— ×
——— ب
——— ×
——— ب
——— ×
——— ب

——— ×
——— ج
——— ×
——— ج
——— ×
——— ج
——— ×
——— ج

——— د
——— د

اس بے قاعدہ سی ہیئت میں علامہ اقبال نے صرف ایک نظم لکھی ہے جو ضرب کلیم میں شعاع امید کے عنوان سے شامل ہے۔

ترجیع بند ترجیع بند کی ہیئت ترکیب بند سے صرف اس اعتبار سے مختلف ہے کہ ترکیب بند میں تو ہر بند کے آخر میں ایک نئی بیت واسطہ سے کام لیا جاتا ہے۔ جب کہ ترجیع بند میں ایک ہی بیت واسطہ کی تکرار ہوتی ہے۔ نظام قوافی یہ ہوگا:

پہلا بند

——— و
——— و



ترکیب بند کی ہیئت تو علامہ اقبال کو اس لئے مرغوب ہے کہ وہ تسلسل بیان کے لئے موزوں

واقع ہوئی ہے۔ طویل نظم کے لیے مثنوی کے بعد مسدس ترکیب بند اور ترکیب بند ہی دو ایسی ہیئتیں ہیں جن میں زیادہ سے زیادہ اشعار کہے جانے کی گنجائش موجود ہے۔ مسدس ترکیب بند سے مد۔ اقبال کی رغبت جلد ختم ہوگئی۔ لیکن ترکیب بند نے ان کی تخلیقی زندگی کے آخری دور تک ان کا ساتھ دیا۔ ترکیب بند کے برعکس ترجیع بند سے علامہ اقبال کو کوئی دلچسپی نہیں اس کی وجہ یقیناً یہی ہے کہ ترجیع بند میں وہ بیت واسطہ جس کی ہر بند کے آخر میں التزاماً تکرار ہوتی ہے، بات کو آگے بڑھنے سے روکتی ہے۔ شاعر کو تھوڑی دور جا کر واپس اسی نقطے پر آنا پڑتا ہے۔ تسلسل بیان اور معانی کی مسلسل پیش رفت میں ترجیع بند معاون ہونے کی بجائے رکاوٹ بنتا ہے۔ چنانچہ علامہ اقبال کے کلام میں ہمیں صرف ایک ترجیع بند ملتا ہے۔ جو پیام مشرق میں شامل ہے۔ اور اس میں بھی بند اول اور بند سوم مطلع سے عاری ہیں بلکہ بند سوم میں تو بیت واسطہ میں بھی تغیر واقع ہوا ہے۔

مستزاد مستزاد فارسی اور اردو شاعری کی ایک ہیئت ہے۔ صورت اس کی یہ ہے کہ نظم کے ہر مصرعے یا شعر کے ساتھ ایک یا دو ٹکڑے اس مخصوص وزن کی مناسبت سے اضافہ کر دیئے جاتے ہیں۔ مستزاد کی متعدد صورتیں ہیں۔ غزل بھی مستزاد ہو سکتی ہے۔ اور قصیدہ بھی، رباعی بھی اور قطعہ بھی۔ مستزاد کی ایک صورت یہ ہے کہ ہر مصرع کے آخر میں ایک یا دو ٹکڑے مستزاد کے طور پر آئیں (یہ صورت کلام اقبال میں موجود نہیں)۔ دوسری صورت یہ ہے کہ ہر شعر کے آخر میں ایک یا دو ٹکڑے مستزاد کے طور پر آئیں۔ یہ ٹکڑے اپنے متعلقہ مصرعے یا شعر کے ساتھ ہم قافیہ بھی ہو سکتے ہیں۔ اور اپنے جداگانہ قوافی بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ میں نے مستزاد کو خواہ وہ کسی شکل میں ہو "مستزاد" کی اصطلاح ہی سے تعبیر کیا ہے اور مستزاد غزل ہو یا قصیدہ اسے مستزاد کی ہیئت میں شمار کیا ہے۔ غزل یا قصیدہ میں نہیں۔

فرد فرد کے بارے میں اختلاف ہے۔ فرد اکیلے شعر کو کہتے ہیں۔ اصولاً تو فرد اس شعر کا نام ہے۔ جسے شاعر نے کسی نظم کا حصہ نہ بنایا ہو۔ یعنی وہ شعر کسی غزل، مثنوی، قصیدے وغیرہ کا جزو نہ ہو بلکہ تنہا اپنا مستقل وجود رکھتا ہو (ایسے متفرق اور منفرد اشعار کسی شاعر کے کلیات میں بالعموم مفردات کے زیر عنوان درج ہوتے تھے۔) لیکن بالعموم کسی تنہا شعر کو

جو کسی تحریر میں بصورت اقتباس یا بطور مثال لکھا جائے فرد کہہ دیا جاتا ہے۔ فرد کے بارے میں ایک اختلاف یہ بھی ہے کہ آیا فرد صرف بیت مصرّع ہی کو کہا جا سکتا ہے یا فرد کی تعریف میں بیت غیر مصرّع بھی شامل ہے۔ میں نے ان اختلافات سے قطع نظر اوزانِ اقبال میں ہر تنہا شعر کو، وہ علامہ اقبال کا ہو یا کسی اور شاعر کا، فرد کے تحت رکھا ہے۔ البتہ اوزان اقبال میں ہر جگہ اس بات کی صراحت کر دی گئی ہے کہ وہ شعر بیت مصرّع کی صورت میں ہے یا بیت غیر مصرّع کی صورت میں۔ چنانچہ لفظ فرد کے ساتھ خطوط وحدانی میں "بیت مصرّع" یا "بیت غیر مصرّع" کے الفاظ اسی وضاحت کی خاطر درج کئے گئے ہیں۔

نظم جدید

(کلامِ اقبال میں ہیئت کے چند اور تجربے)

ہیئت نمبر۱ بانگِ درا میں نظم نمبر ۶ کا عنوان ہے "انسان"۔ یہ نظم یوں تو مثنوی کی صورت میں ہے مگر اس کا پہلا مصرع اکیلا ہے۔ جو نظم کے کسی اور مصرعے کے ساتھ ہم قافیہ نہیں۔ اوزانِ اقبال میں ہم اسے نظم جدید ہیئت نمبر۱ قرار دیں گے۔

ہیئت نمبر۲ بانگ درا میں نظم نمبر ۱۲۷ کا عنوان ہے "کفر و اسلام"۔ یہ نظم میر رضی دانش کے ایک شعر پر تضمین کی حیثیت رکھتی ہے۔ صورت اس نظم کی یہ ہے کہ شعرِ رضی دانش کے مصرع اولی کے ہم قافیہ (سات شعر کا) ایک قطعہ کہا گیا۔ ساتویں شعر میں شعرِ رضی دانش کے مصرع اولی کو مصرع ثانی مان کر گرہ لگائی گئی ہے۔ اس طرح رضی دانش کے شعر کا مصرع ثانی آخر میں اکیلا رہ گیا ہے جو کسی مصرع کے ساتھ ہم قافیہ نہیں۔ چنانچہ اس نظم کی ہیئت قطعہ + مصرع قرار پاتی ہے۔ اسے ہم اوزان اقبال میں نظم جدید ہیئت نمبر ۲ قرار دیں گے۔ بانگ درا کی ایک سو چوبیسویں نظم بعنوان عرفی بھی اسی ہیئت میں ہے۔

ہیئت نمبر ۳ بانگ درا میں نظم نمبر ۱۲۹ کا عنوان ہے "مسلمان اور تعلیم جدید"۔ یہ ملک قمی کے ایک شعر کی تضمین ہے۔ صورت اس کی یہ ہے کہ شعر ملک قمی کے مصرع اولیٰ سے ہم قافیہ (آٹھ شعر کا) ایک قصیدہ کہا گیا۔ آٹھویں شعر میں ملک قمی کے مصرع اولیٰ کو مصرع ثانی بنا کر گرہ لگائی گئی ہے۔ اس طرح شعر ملک قمی کا مصرع ثانی آخر میں اکیلا رہ گیا ہے جو کسی مصرعے کے ساتھ ہم قافیہ نہیں۔ چنانچہ اس نظم کی ہیئت قصیدہ + مصرع قرار پاتی ہے۔ اسے ہم اوزانِ اقبال میں نظم جدید ہیئت نمبر ۳ قرار دیں گے۔

ہیئت نمبر ۴ ضرب کلیم میں "ابی سینیا" کے عنوان سے ایک نظم آئی ہے۔ جو تین تین مصرعوں[1] کے تین بندوں پر مشتمل ہے۔ لیکن نظام قوافی کے اعتبار سے اسے باقاعدہ مثلث نہیں کہا جا سکتا۔

مسمط کی ایک قسم کے طور پر مثلث کا مقررہ نظام قوافی ہے:

پہلا بند
ـــــــــــــ ا
ـــــــــــــ ا
ـــــــــــــ ا

دوسرا بند
ـــــــــــــ ب
ـــــــــــــ ب
ـــــــــــــ ا

تیسرا بند
ـــــــــــــ ج
ـــــــــــــ ج
ـــــــــــــ ا

---

[1] زبور عجم کی اٹھارہویں نظم باقاعدہ مثلث ہے۔

جب کہ "ابی سینیا" میں قوافی نے یہ شکل اختیار کی ہے:

پہلا بند	——————— ×
	——————— ا
	——————— ا
دوسرا بند	——————— ×
	——————— ا
	——————— ا
تیسرا بند	——————— ×
	——————— ا
	——————— ا

یہ گویا مثلث کی ہیئت ہی ایک تجربہ ہے۔ ہر بند کا پہلا مصرع قافیہ سے عاری ہے۔ باقی تمام مصرعے پوری نظم میں ہم قافیہ ہیں۔ پہلا بند ملاحظہ فرمائیے:

یورپ کے کرگسوں کو نہیں ہے ابھی خبر
ہے کتنی زہرناک ابی سینیا کی تلاش
ہونے کو ہے یہ مردۂ دیرینہ قاش قاش

اوزانِ اقبال میں ہم اسے نظم جدید ہیئت نمبر ۴ قرار دیں گے۔

ہیئت نمبر ۵ مربع ایسی نظم کو کہتے ہیں جو چار چار مصرعوں کے دو یا دو سے زیادہ بندوں کی شکل میں لکھی جائے۔ پہلے بند کے تمام مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ بعد میں آنے والے ہر بند کے پہلے تین مصرعے الگ قافیہ رکھتے ہیں اور باہم مقفیٰ ہوتے ہیں جب کہ چوتھا مصرع بندِ اول کے ساتھ ہم قافیہ ہوتا ہے۔ ضربِ کلیم میں علامہ اقبال کی نظم رقص و موسیقی چار مصرعوں پر مشتمل ہے چاروں ہم قافیہ ہیں۔ گویا ہیئت کے اعتبار سے یہ باقاعدہ مربع کا بند اول ہے لیکن چونکہ یہ نظم صرف ایک بند پر مشتمل ہے۔ اس لئے اسے مربع نہیں کہا جا سکتا۔ اگر یہ مصرعے رباعی کے مسلمہ اوزان میں ہوتے تو اس نظم کو رباعی مصرع کہا جا سکتا تھا۔ دو بیتی

کے مقررہ وزن میں ہوتے تو اس نظم کو دو بیتی قرار دیا جا سکتا تھا۔ بہرحال اوزانِ اقبال میں اس ہیئت کو ہم نظم جدید ہیئت نمبر ۵ قرار دیں گے۔ ضربِ کلیم ہی میں ایک اور نظم ہے جس کا عنوان ہے۔ "ادبیات"۔ یہ بھی اسی ہیئت میں لکھی گئی ہے۔

ہیئت نمبر ۶ پیامِ مشرق کی نظم "تنہائی" چار بندوں پر مشتمل ہے۔ ہر بند میں دو شعر بصورتِ قطعہ کہہ کر ان پر ایک مصرعے کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ یہ مصرع بند کی تکمیل کرتا ہے۔ تمام بندوں کے آخری (پانچویں) مصرعے باہم مقفیٰ ہیں۔ گویا اس کا نظامِ قوافی یہ ہے:

پہلا بند :	×	ا	×	ا	ب
دوسرا بند :	×	ج	×	ج	ب
تیسرا بند :	×	د	×	د	ب
چوتھا بند :	×	ہ	×	ہ	ب

اسے ہم اوزانِ اقبال میں نظم جدید ہیئت نمبر ۶ قرار دیں گے۔

ہیئت نمبر ۷ ضربِ کلیم میں ایک نظم ہے جس کا عنوان ہے "رومی"۔ کل چھ مصرعے ہیں اور چھے کے چھے ہم قافیہ ہیں۔ مسمّط کی ایک قسم کے طور پر مسدس کی معیاری ہیئت یوں ہے کہ پہلے بند کے تمام مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ بعد میں آنے والے ہر بند کے پہلے پانچ مصرعے الگ قافیہ رکھتے ہیں۔ اور باہم مقفیٰ ہوتے ہیں جب کہ چھٹا مصرع بندِ اول کے ساتھ ہم قافیہ ہوتا ہے لیکن مسدس کے لئے کم از کم دو بند شرط ہیں جب کہ علامہ اقبال نے صرف ایک بند پر اکتفا کیا ہے۔ اور یہ بند باقاعدہ مسدس کے پہلے بند کی حیثیت رکھتا ہے۔ اسی طرح بالِ جبریل کی نظم بعنوان فقر بھی چھے مصرعوں پر مشتمل ہے اور نظامِ قوافی کے اعتبار سے باقاعدہ مسدس کے پہلے بند کی حیثیت رکھتی ہے لیکن ظاہر ہے کہ اسے مسدس نہیں کہا جا سکتا۔ چنانچہ اوزانِ اقبال میں ان نظموں کی ہیئت کو نظم جدید ہیئت نمبر ۷ قرار دیا گیا ہے۔

ہیئت نمبر ۸ ارمغانِ حجاز کی نظم عالمِ برزخ میں ذیلی عنوان "زمین" کے تحت سات

مصرعوں کی ایک نظم آئی ہے ۔ یہ ساتوں مصرعے ہم قافیہ ہیں ۔ مسمط کی ایک قسم کے طور پر مسبع کے بند اوّل کی ہیئت یہی ہے لیکن اسے ہم مسبع اس لئے نہیں کہہ سکتے کہ یہ نظم صرف اسی ایک بند پر مشتمل ہے ۔ اور بعد میں آنے والا کوئی بند جس کے پہلے چھ مصرعے الگ قافیے میں باہم مقفیٰ ہوں اور ساتواں مصرع بند اول کے ساتھ ہم قافیہ ہو ، اس نظم میں موجود نہیں ۔ چنانچہ اوزانِ اقبال میں اسے ہم نظم جدید ہیئت نمبر ۸ قرار دیں گے ۔

ہیئت نمبر ۹ بانگِ درا میں نظم نمبر ۷۵ کا عنوان ہے " حسن و عشق " یہ ایک خاص قسم کا مسبع ہے ۔ تین شعر بصورت مثنوی آتے ہیں اور پھر ایک مصرع اکیلا جو بند کی تکمیل کرتا ہے ۔ اس طرح ہر بند سات مصرعوں پر مشتمل ہے ۔ تینوں بندوں کے ساتویں مصرعے ہم قافیہ ہیں ۔ گویا نظامِ قوافی یہ ہے :

پہلا بند : اا ب ب ج ج د

دوسرا بند : ہ ہ و و ز ز د

تیسرا بند : ح ح ط ط ی ی د

اسے ہم اوزانِ اقبال میں نظم جدید ہیئت نمبر ۹ قرار دیں گے ۔

ہیئت نمبر ۱۰ جاوید نامہ میں نغمۂ بعل کے عنوان سے ایک نظم آئی ہے جسے ایک خاص قسم کا ترجیع بند قرار دیا جا سکتا ہے ۔ ترجیع بند میں ہر بند ایک قصیدے (یا غزل) کی صورت میں ہوتا ہے اور بند کے آخر میں ایک شعر بصورت بیت مصرع الگ قوافی میں لکھا جاتا ہے جس کی ہر بند کے آخر میں تکرار ہوتی ہے ۔ اسے ٹیپ کا شعر کہہ لیجیے ۔ یہ شعر بند کی تکمیل کرتا ہے ۔ علامہ اقبال کا نغمۂ بعل چار بندوں کی شکل میں ہے ۔ ہر بند ترجیع بند کی ہیئت کے مطابق قصیدہ یا غزل کی صورت میں ہے لیکن ٹیپ کے شعر کی بجائے جو بند کی تکمیل کرتا ہے ۔ صرف ایک مصرعے سے کام لیا گیا ہے ۔ اس مصرعے کی ہر بند کے آخر میں تکرار ہوتی ہے ۔ یہ ہیئت ترجیع بند کی مسلمہ اور روایتی ہیئت سے صرف اس اعتبار سے مختلف ہے کہ اس میں ہر بند کے آخر میں آنے والی بیت مصرع کی بجائے صرف ایک مصرعے کی تکرار کی گئی ہے ۔ اور یہ مصرع ہے :

ع: اے خدایان کہن وقت است وقت

اسے ہم اوزانِ اقبال میں نظم جدید ہیئت نمبر ۱۰ قرار دیں گے۔

ہیئت نمبر ۱۱ زبورِ عجم کے حصہ دوم کی انیسویں نظم مخمس ترجیع بند اور مستزاد کے امتزاج سے وجود میں آئی ہے۔ پہلے بند کے پانچوں مصرعے ہم قافیہ ہیں۔ بعد میں آنے والے ہر بند کے پہلے تین مصرعے الگ قافیے میں ہیں مگر باہم مقفیٰ ہیں۔ چوتھا مصرع قافیے میں بند اول کے تابع ہے۔ پہلے بند کا پانچواں مصرع اور مستزاد ٹکڑا حسب ذیل ہیں:

از خواب گراں خواب گراں خواب گراں خیز

از خواب گراں خیز

ہر بند کے آخر میں اس مصرعے اور مستزاد ٹکڑے کی تکرار کی گئی ہے۔ اسے ہم اوزان اقبال میں نظم جدید ہیئت نمبر ۱۱ قرار دیں گے۔

ہیئت نمبر ۱۲ پیامِ مشرق کی نظم حُدی (نغمۂ ساربانِ حجاز) بھی ہیئت میں ایک تجربے کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس نظم کا پہلا بند ملاحظہ فرمایئے:

ناقۂ سیارِ من

آہوئے تاتارِ من

درہم و دینارِ من

اندک و بسیارِ من

دولت بیدارِ من

تیز ترک گام زن منزل ما دور نیست

یعنی پانچ ہم قافیہ مصرعوں کے بعد دگنے طول کا ایک مصرع ہے جس کی ہر بند کے آخر میں تکرار کی گئی ہے۔ اسے ہم اوزانِ اقبال میں نظم جدید ہیئت نمبر ۱۲ قرار دیں گے۔

ہیئت نمبر ۱۳

پیام مشرق کی نظم "شبنم" بھی ہیئت میں ایک تجربے کی حیثیت رکھتی ہے۔ پہلا بند ملاحظہ ہو:

گفتند فرود آئے ز اوج مہ و پرویز
بر خود زن و با بحر پر آشوب بیامیز
با موج در آویز
نقش دگر انگیز
تابندہ گہر خیز

گویا ہر بند پانچ ہم قافیہ مصرعوں پر مشتمل ہے۔ پہلے دو مصرعے طول میں برابر ہیں۔ بعد میں آنے والے تین مصرعے نسبتاً چھوٹے ہیں لیکن وزن ایسا ہے کہ غنائی اعتبار سے بڑے مصرعے کے دو برابر ٹکڑے نہیں ہو سکتے۔ یہ ہیئت بالخصوص علامہ اقبال کے تربیت یافتہ ذوق، نغمہ و آہنگ کی قابل اعتماد حس اور ترنم آفریں ادبی وجدان کا ثبوت ہے۔ اوزان اقبال میں ہم اسے نظم جدید ہیئت نمبر ۱۳ قرار دیں گے۔

ہیئت نمبر ۱۴

پیام مشرق کی نظم سرود انجم آٹھ بندوں پر مشتمل ہے۔ پہلا بند ملاحظہ ہو:

ہستی ما نظام ما
مستی ما خرام ما
گردش بے مقام ما
زندگیٔ دوام ما
دور فلک بکام ما می نگریم و می رویم

گویا چار ہم قافیہ مصرعوں کے بعد دگنے طول کا ایک مصرع آکر بند کی تکمیل کرتا ہے لیکن دگنے طول کے اس مصرعے میں ضمنی قافیہ بھی آیا ہے جو اسے دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔ دراصل یہ کوئی نئی ہیئت نہیں۔ بلکہ مسمط کی وہ شکل ہے جسے مسدس کی معیاری ہیئت قرار دیا جا سکتا ہے۔ مسدس کے پہلے بند میں چھے کے چھے مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں اور بعد میں آنے والے ہر بند کے پہلے پانچ مصرعے باہم مقفیٰ ہوتے ہیں جب کہ چھٹا مصرع پہلے بند کے ساتھ

ہم قافیہ ہوتا ہے اور اس طرح تمام بندوں کے چھٹے مصرعے بھی باہم مقفیٰ ہو جاتے ہیں۔ اس نظم میں دگنے طول کے جو مصرعے آئے ہیں اگر انہیں بھی دو دو مصرعے مان لیا جائے تو کہہ سکتے ہیں کہ یہ مسدس ہے جس میں پہلا بند موجود نہیں اور چھٹے مصرعے کی بصورت ترجیع ہر بند میں تکرار ہو رہی ہے۔ مذکورہ بالا بند کو اگر اس شکل میں لکھ دیا جائے تو بات واضح ہو جائے گی:

ہستی ما نظام ما
مستی ما خرام ما
گردش بے مقام ما
زندگیٔ دوام ما
دور فلک بکام ما
می نگریم و می رویم

اسے ہم اوزان اقبال میں نظم جدید ہیئت نمبر ۱۴ قرار دیں گے۔

ہیئت نمبر ۱۵ پیام مشرق کی نظم "فصل بہار" بھی ایک نئی ہیئت میں لکھی گئی ہے۔ پہلا بند ملاحظہ ہو:

خیز کہ در کوہ و دشت خیمہ زد ابر بہار
مست ترنم ہزار
طوطی و دراج و سار
بر طرف جوئبار
کشت گل و لالہ زار
چشم تماشا بیار
خیز کہ در کوہ و دشت خیمہ زد ابر بہار

گویا ایک مصرع پورے طول کا، پھر پانچ مصرعے نصف طول کے اور آخر میں بند کی تکمیل کے لئے پورے طول کے مصرعے کا اعادہ۔ سبھی مصرعے ہم قافیہ ہیں۔ اوزانِ اقبال میں ہم اسے نظم جدید ہیئت نمبر ۱۵ قرار دیں گے۔

ہیئت نمبر ۱۶

ضرب کلیم میں نظم نمبر ۱۲۹ کا عنوان ہے "جدت"۔ اس کی ہیئت میں بھی جدت طرازی سے کام لیا گیا ہے۔ یہ نظم آٹھ مصرعوں پر مشتمل ہے۔ پہلے چھے مصرعے متحد القوافی ہیں۔ اس کے بعد ایک بیت مصرع جداگانہ قافیوں میں اضافہ کر دی گئی ہے۔ گویا اس کا نظام قوافی یہ ہے:

———— ا
———— ا
———— ا
———— ا
———— ا
———— ا

———— ب
———— ب

یہ ہیئت درحقیقت وہی ہیئت "ا" ہے جسے ہم نے قصیدہ + بیت مصرع (ایک بند) سے تعبیر کیا ہے۔ لیکن اس میں جدت یہ روا رکھی گئی ہے کہ مطلع کے علاوہ دیگر اشعار کے مصرع ہائے اولیٰ میں بھی قافیہ لایا گیا ہے۔ اس التزام کے باعث یہ نظم مثمن ترکیب بند کے دائرے میں داخل ہو گئی ہے۔ مثمن ترکیب بند میں ہر بند آٹھ مصرعوں کا ہوتا ہے۔ پہلے چھ مصرعے متحد القوافی لکھ کر دو مصرعے جداگانہ قافیے بں بصورت بیت مصرع ان پر اضافہ کر دیئے جاتے ہیں اور اس طرح ایک بند کی تکمیل ہو جاتی ہے۔ اسماعیل میرٹھی کی نظم قلعۂ اکبر آباد مثمن ترکیب بند ہی کی ہیئت میں لکھی گئی ہے۔ مثمن ترکیب بند کے لئے شرط یہ ہے کہ نظم کم از کم دو بندوں پر مشتمل ہو جب کہ علامہ اقبال نے صرف ایک بند پر اکتفا کیا ہے۔ گویا یہ نظم (= جدت) مثمن ترکیب بند کی ہیئت میں ایک بند کا حکم رکھتی ہے۔ غرضیکہ یہ ہیئت کسی مسلمہ روایتی ہیئت سے پوری طرح مطابقت نہیں رکھتی۔ اس لئے ہم اوزانِ اقبال میں اسے نظم جدید ہیئت نمبر ۱۶ قرار دیں گے۔

دو ہیئتوں کا اجتماع

بعض نظموں میں علامہ اقبال نے دو یا دو سے زیادہ ہیئتیں اس طرح استعمال کی ہیں کہ ان کے امتزاج سے ہیئت کا کوئی نیا ڈیزائن وجود میں نہیں آیا۔ ایسی صورت میں ہیئت کے خانے میں ضروری وضاحت کر دی گئی ہے۔ یا نظم کے مختلف حصوں کو جو مختلف ہیئتوں میں ہیں الگ الگ کر کے ان کی ہیئت بھی الگ الگ بتا دی گئی ہے۔

ساقی نامہ میں ایک تجربہ

پیامِ مشرق میں ایک ساقی نامہ آیا ہے جو بحر متقارب مثمن سالم (= فعولن فعولن فعولن فعولن۔ دو بار) میں لکھا گیا ہے۔ یاد رہے کہ ساقی نامہ کے لئے بحر مخصوص ہے۔ یعنی ساقی نامے بحر متقارب مثمن محذوف الآخر یا مقصور الآخر میں لکھے جاتے ہیں۔ خود علامہ اقبال کا ایک اردو ساقی نامہ جو بالِ جبریل میں شامل ہے۔ مقررہ وزن میں ہے۔ یعنی علامہ اقبال جانتے تھے کہ ساقی نامہ کے لئے مقررہ وزن بحر متقارب مثمن محذوف یا مقصور ہے۔ لیکن فارسی ساقی نامہ لکھتے ہوئے انھوں نے اجتہاد سے کام لیا اور مقررہ بحر کی بجائے دوسرا وزن اختیار کیا۔ دوسری قابل ذکر بات یہ ہے کہ ساقی نامہ کے لئے مثنوی کا فارم مخصوص ہے۔ بالِ جبریل کا ساقی نامہ بھی مثنوی کی صورت میں ہے۔ مرثیہ گو شعرا نے اس روایت سے انحراف کیا اور مسدس ترکیب بند کے فارم میں مرثیہ لکھتے ہوئے اس میں ساقی نامے کے بند بھی شامل کر دیے۔ لیکن ان کا اجتہاد مرثیہ تک ہی محدود رہا۔ اقبال نے اس ساقی نامہ کے لئے مثنوی کے فارم کے بجائے قصیدے کا فارم استعمال کیا ہے۔ اس ساقی نامہ کے چند شعر ملاحظہ فرمائیے:

خوشا روزگارے خوشا نوبہارے — نجوم پرن رست از مرغزارے
زمیں از بہاراں چو بالِ تدروے — ز فوارہ الماس بار آبشارے
سرت گردم اے ساقیٔ ماہ سیما — بیار از نیاگانِ ما یادگارے
بساغر فرو ریز آبے کہ جاں را — فروزد چو نورے بسوزد چو نارے

ہیئت کے اس تجربے کے لیے کوئی نمبر دینے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ کیونکہ اس کا عنوان ساقی نامہ ہے۔ اور ہیئت سیدھی سادی قصیدے کی ہیئت ہے۔

باب دوم

عروض کی چند اہم اصطلاحات کا تعارف

۱- اس باب میں صرف ایسی اصطلاحات کا ذکر کیا گیا ہے جو اوزان اقبال کو سمجھنے کے لئے ضروری ہیں۔

۲- عروضی موشگافیوں اور عروضیوں کے فروعی اختلافات سے حتی الامکان احتراز کیا گیا ہے۔

۳- بخوف طوالت کسی بھی اصطلاح کے لغوی معنی سے بحث نہیں کی گئی۔

۴- ایک عام قاری بھی اس باب کی مدد سے تسمیۂ اوزان و بحور کے عمل کو بخوبی سمجھ سکتا ہے۔

نوٹ: بعض زحافات کے عمل کے بارے میں اور نتیجۃً تسمیۂ اوزان و بحور میں بھی عروضیوں کے ہاں کچھ اختلافات پائے جاتے ہیں۔ میں نے ان اختلافات پر بحث کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔ کتاب کی تالیف کے دوران میں عروض کی حسب ذیل کتابیں میرے زیر مطالعہ رہی ہیں:

۱- بحرالفصاحت از مولوی نجم الغنی رامپوری
۲- قواعدالعروض از قدر بلگرامی
۳- ترجمہ حدائق البلاغت از مولوی امام بخش صہبائی
۴- قواعد اردو از بابائے اردو مولوی عبدالحق
۵- فرہنگ ادبیات فارسی دری از دکتر زہرای خانلری کیا

۶۔ فن شاعری (میزان العروض) از محمد شریف شوخ
تسمیۂ اوزان و بحور میں جہاں کہیں کوئی اختلاف رونما ہوا ہے وہاں میں نے بالعموم مولوی نجم الغنی کی رائے کو ترجیح دی ہے۔

صدر: مصرع اول کا پہلا رکن صدر کہلاتا ہے۔

عروض: مصرع اول کا آخری رکن عروض کہلاتا ہے۔

ابتدا: مصرع ثانی کے رکن اوّل کو ابتدا کہتے ہیں۔

ضرب یا عجز: مصرع ثانی کا آخری رکن ضرب یا عجز کہلاتا ہے۔

حشو: صدر اور عروض کے درمیان اور ابتداء اور ضرب کے درمیان جو رکن یا ارکان ہوں سب حشو کہلاتے ہیں۔

مذکورہ بالا پانچ اصطلاحات کی مزید وضاحت کے لئے علامہ اقبال کے ایک شعر کا تجزیہ پیش کیا جاتا ہے:

پہلا مصرع				دوسرا مصرع			
تمدن	تصوف	شریعت	کلام	بتانِ	عجم کے	پجاری	تمام
فعولن	فعولن	فعولن	فعول	فعولن	فعولن	فعولن	فعول
صدر	حشو	حشو	عروض	ابتداء	حشو	حشو	ضرب

بیت مصرّع: ایسا شعر جس کے دونوں مصرعے باہم مقفیٰ ہوں جیسے غزل اور قصیدے کا مطلع یا مثنوی کا کوئی شعر۔

مسدس: چھے رکن کا ایک شعر۔ یعنی ایسا وزن جو چھے رکن پر مشتمل ہو۔

مثمن: آٹھ رکن کا ایک شعر۔ یعنی ایسا وزن جو آٹھ رکن پر مشتمل ہو۔

مسدّس مضاعف الارکان : کسی چھے رکنی وزن کی مضاعف صورت یعنی بارہ رکن کا ایک شعر۔

مثمّن مضاعف الارکان : کسی آٹھ رکنی وزن کی مضاعف صورت یعنی سولہ رکن کا ایک شعر۔

عروض : علماء نے وزنِ شعر کو جانچنے اور اس کی صحت یا سقم کو جاننے کے لئے چند قاعدے وضع کئے ہیں جن کے مجموعہ کو عروض کہا جاتا ہے۔ علم عروض کی اصطلاح میں مصرع اوّل کے رکن آخر کو بھی عروض کہا جاتا ہے۔

ارکان : اشعار کا وزن معلوم کرنے کے لئے جو لفظ فعل کے مادے سے وضع کئے گئے ہیں انہیں عروض کی اصطلاح میں ارکان، افاعیل یا تفاعیل کہتے ہیں۔ بحریں انہی ارکان سے مرکب ہوتی ہیں۔ ارکان آٹھ ہیں جن میں سے حسب ذیل دو رکن خماسی (پنج حرفی) ہیں:

فعولن ۔ فاعلن

اور حسب ذیل چھے سباعی (ہفت حرفی) ہیں:

مفاعیلن ۔ فاعلاتن ۔ مستفعلن ۔ مفاعلتن ۔ متفاعلن ۔ مفعولاتُ

فاعلاتن اور مستفعلن کی دو دو صورتیں ہیں:

۱۔ متصل یا مجموعی : فاعلاتن ۔ مستفعلن

۲۔ منفصل یا مفروقی : فاع لاتن ۔ مس تفع لن

اس حساب سے ارکان یا افاعیل کی تعداد دس ہو جاتی ہے۔ ان ارکان پر زحافات کے عمل سے بہت سی فروع وجود میں آجاتی ہیں۔

(نوٹ) جہاں تک ہماری بحث کا تعلق ہے، متصل اور منفصل کا فرق نتائج پر اثر انداز نہیں ہوتا)

اصول سہ گانہ

ارکان، افاعیل یا تفاعیل کی ترکیب تین جزو پر منحصر ہے جنہیں عروض کی اصطلاح میں سبب، وتد اور فاصلہ کہا جاتا ہے۔

سبب : دو حرفی کلمہ کو کہتے ہیں۔ پہلا حرف متحرک اور دوسرا ساکن ہو تو اسے سبب خفیف کہتے ہیں جیسے اب، سب، گل وغیرہ۔ اگر دونوں حرف متحرک ہوں تو اسے سبب ثقیل کہا جاتا ہے۔ جیسے "دلِ ما" میں "دلِ" اور "رخِ یار" میں "رخِ"۔

وتد : سہ حرفی کلمے کو کہتے ہیں۔ اگر پہلے دو حرف متحرک اور تیسرا ساکن ہو تو اسے وتد مقرون یا وتد مجموع کہتے ہیں جیسے اگر، سفر، خبر، دیا، لیا وغیرہ۔ پہلا اور تیسرا حرف متحرک ہو اور دوسرا ساکن تو اسے وتد مفروق کہتے ہیں جیسے اہرمن کے پہلے تین حرف۔ علاوہ ازیں ہار، پان، تخت، بخت، درد، زرد جیسے الفاظ بھی وتد مفروق میں شمار ہوں گے کیونکہ عروض میں وہ حرف ساکن شمار ہوتا ہے جس کا ما قبل متحرک ہو۔ جس ساکن کا ما قبل بھی ساکن ہو اسے متحرک شمار کیا جاتا ہے۔ چنانچہ ان الفاظ میں تیسرا حرف ساکن نہیں متحرک شمار ہوگا۔

فاصلہ : چہار حرفی یا پنج حرفی کلمے کو کہتے ہیں۔ اگر پہلے تین حرف متحرک اور چوتھا ساکن ہو تو اسے فاصلۂ صغریٰ یا فاصلۂ صولت کہتے ہیں۔ جیسے جبلن (بکتابت نون تنوین) عَلَمی، صنما، چکنم وغیرہ۔ اگر پہلے چار حرف متحرک اور پانچواں ساکن ہو تو اسے فاصلۂ کبریٰ یا فاصلۂ ضبط کہتے ہیں۔ جیسے سَمَکَتن (بہ تحریر نون تنوین)

اصول کی ان چھے صورتوں کو کسی شخص نے یوں جمع کیا ہے :

شد	دِل	شما	منزِل	دِلِ ما	بکفِ غم
سببِ خفیف	سببِ ثقیل	وتدِ مجموع	وتدِ مفروق	فاصلۂ صغریٰ	فاصلۂ کبریٰ

درحقیقت ارکان کے اجزا سبب اور وتد ہی ہیں ۔ فاصلہ کوئی علیحدہ جزو نہیں ۔

زحاف : عروض کی اصطلاح میں ان تغیّرات کو جو ارکان (افاعیل) میں معیّنہ قواعد کے تحت روا رکھے جاتے ہیں زحافات کہتے ہیں ۔ ان تغیّرات کی تین صورتیں ہیں :

۱۔ رکن کے بعض حرفوں کو کم کر دینا ۔

۲۔ بعض حروف رکن میں بڑھا دینا ۔

۳۔ رکن کے کسی متحرک حرف کو ساکن کر دینا ۔

مزاحف : وہ رکن جس میں کسی قسم کا تغیّر حسبِ قواعد روا رکھا گیا ہو ۔ بالفاظِ دیگر وہ رکن جو کسی رکن پر زحاف کے عمل سے وجود میں آئے ۔ مثلاً مفاعیلن پر زحافِ قبض کے عمل سے مفاعلن، حذف کے عمل سے فعولن اور تسبیغ کے عمل سے مفاعیلان وجود میں آ جاتا ہے ۔ ان میں سے ہر ایک مفاعیلن کا مزاحف یا مفاعیلن کی فرع ہے ۔

چند اہم زحافات

زحافات کی تعداد کم و بیش پچاس ہے ۔ ہم یہاں صرف ایسے اہم زحافات کا ذکر کریں گے جو عام اُردو اوزان اور بالخصوص اوزانِ اقبال کو سمجھنے کے لئے ضروری ہیں :

خَرم : ایسے وتد مجموع سے جو رکن کے اول میں واقع ہو پہلا حرف گرا دینا۔ چنانچہ مفاعیلن سے میم گرا تو فاعیلن رہا۔ اسے لفظ مانوس متفق الوزن مفعولن سے بدل لیتے ہیں۔ یہ مفاعیلن کی صورت اخرم ہے۔

ثَلم : رکن فعولن میں خرم کرنے کو کہتے ہیں۔ چنانچہ فعولن کے وتد مجموع سے جو رکن کے شروع میں واقع ہوا ہے، حرف اول یعنی "ف" حذف کرکے باقی عولن رہا۔ اسے فعلن سے بدل لیتے ہیں۔ یہ فعولن کا اثلم ہے۔

کَف : رکن کے ساتویں حرف ساکن کو گرانا کف کہلاتا ہے۔ چنانچہ مفاعیلن سے نون گرا تو مفاعیلُ بضم لام باقی رہا جو مفاعیلن کی مکفوف صورت ہے۔ فاعلاتن سے فاعلاتُ بضم تا باقی رہا جو فاعلاتن کا مکفوف ہے۔

قَصر : اس سبب خفیف میں سے جو کسی رکن کے آخر میں واقع ہو حرف ساکن کو گرا کر اس کے ماقبل کو ساکن کر دینا قصر کہلاتا ہے۔ چنانچہ مفاعیلن سے نون گر گیا اور لام ساکن ہو گیا۔ تو مفاعیل بن گیا جو مفاعیلن کی مقصور صورت ہے۔ فاعلاتن سے فاعلات بسکونِ تا بنا۔ بعض حضرات اسے فاعلان سے بدل لیتے ہیں تاکہ فاعلاتُ مضموم التا سے التباس نہ ہو۔ یاد رہے کہ قصر مصرع کے آخر میں واقع ہوتا ہے۔

حَذف : رکن کے آخر سے سبب خفیف کو گرا دینا حذف کہلاتا ہے۔ چنانچہ مفاعیلن سے لن حذف کے باعث گر گیا تو مفاعی باقی رہا۔ اسے فعولن سے بدل لیتے ہیں۔ فاعلاتن سے تن ساقط ہوا تو فاعلا باقی رہا۔ اسے فاعلن سے بدل لیا۔ یعنی فاعلاتن اپنی محذوف صورت میں فاعلن بن جائے گا۔

قَبض : رکن کے پانچویں حرف ساکن کو جو سبب خفیف میں واقع ہو کر گرا دینا قبض کہلاتا ہے، چنانچہ مفاعیلن سے مفاعلن باقی رہا۔ یہ رکن مفاعیلن کی مقبوض صورت ہے۔ فعولن سے فعولُ بضم لام باقی رہا۔ یہ فعولن کا مقبوض ہے۔

جَب : رکن کے آخر میں آنے والے دو سبب خفیف گرا دینا جَب کہلاتا ہے۔ چنانچہ مفاعیلن سے عیلن گر گیا تو مفا باقی رہا۔ اسے فَعَل سے بدل لیا۔ یہ زحاف مصرعے کے آخر میں آتا

ہے۔ جذب کے عمل سے وجود میں آنے والا رکن مجبوب کہلاتا ہے۔

خَبن : رکن کے شروع میں واقع ہونے والے سبب خفیف میں سے حرف ساکن کا اسقاط خبن کہلاتا ہے۔ چنانچہ فاعلاتن سے فعلاتن مخبون ہے۔ مستفعلن پر خبن کے عمل سے متفعلن بنا۔ اسے مفاعلن سے بدل لیتے ہیں۔

اِضمار : سبب ثقیل کے دوسرے حرف متحرک کو ساکن کرنا بشرطیکہ وہ رکن کا دوسرا حرف ہو۔ چنانچہ متَفاعلن سے متْفاعلن بنا اسے مستفعلن سے بدل لیا جس رکن میں اضمار آئے۔ وہ مضمر کہلاتا ہے۔

تَسبیغ : رکن کے آخر میں واقع ہونے والے سبب خفیف کے درمیان ایک الف کا اضافہ کرنا تسبیغ کہلاتا ہے۔ چنانچہ فعولن سے فعولان، مفاعیلن سے مفاعیلان اور فاعلاتن سے فاعلاتان مسبغ بنا۔ فاعلاتان کو فاعلیان سے بدل لیتے ہیں۔ مولوی عبدالحق نے تسبیغ کی بجائے اضافہ اور مسبغ کی بجائے مضاف کی اصطلاح استعمال کی ہے۔

اِذالہ : رکن کے آخر میں آنے والے وتد مجموع میں حرف ساکن سے پہلے ایک الف کا اضافہ کرنا اذالہ کہلاتا ہے۔ چنانچہ مستفعلن سے مستفعلان اور متفاعلن سے متفاعلان مذال بن گیا۔

قَطع : آخر رکن میں واقع ہونے والے وتد مجموع کے حرف ساکن کو حذف کر کے اس کے ماقبل کو ساکن کر دینا قطع کہلاتا ہے۔ چنانچہ مستفعلن سے مستفعل رہا۔ اسے مفعولن سے بدل لیتے ہیں۔ فاعلن سے فاعل بنا۔ اسے فعلن سے بدل لیا یہ فاعلن کا مقطوع ہے۔ یہ زحاف عروض و ضرب کے لئے خاص ہے۔

حَذَذ : رکن کے آخر میں واقع ہونے والے وتد مجموع کو گرا دینا حذذ کہلاتا ہے۔ چنانچہ مستفعلن سے مستف رہا جسے فعلن سے بدل لیتے ہیں۔ اسی طرح فاعلن سے فا بچا جسے فع سے بدل لیا جاتا ہے۔ یہ فاعلن کی احَذ یا محذوذ صورت ہے۔ حذذ عروض و ضرب کے لئے مخصوص ہے۔

تَرفیل : رکن کے آخر میں آنے والے وتد مجموع پر ایک سبب خفیف بڑھا دینا ترفیل

کہلاتا ہے۔ چنانچہ مستفعلن سے مستفعلن تن بنا۔ اسے مستفعلاتن سے بدل لیا۔ فاعلن سے فاعلن تن بنا۔ اسے فاعلاتن سے بدل لیتے ہیں۔ ترفیل کے عمل سے وجود میں آنے والا رکن مرفل کہلاتا ہے۔

وَقف : تائے مفعولاتُ کو ساکن کرنا وقف کہلاتا ہے۔ چنانچہ مفعولاتُ وقف کے عمل سے مفعولات بن جاتا ہے۔ یہ مفعولاتُ کی موقوف صورت ہے۔ بعض حضرات اسے مفعولان سے بدل لیتے ہیں۔ وقف اواخر مصاریع کے لئے مخصوص ہے۔

طَیّ : رکن کے شروع میں دو سبب خفیف متصل واقع ہوں تو ایسے رکن میں سے چوتھے حرف کو جو ساکن ہوگا گرا دینا طے کہلاتا ہے۔ چنانچہ مستفعلن سے مستعلن رہا۔ اسے مفتعلن سے بدل لیا جاتا ہے۔ مفعولاتُ سے واو گرا تو مفعلاتُ رہا۔ اسے فاعلاتُ سے بدل لیا۔ یہ مفعولاتُ کا مطوی ہے۔

صَلم : وتدِ مفروق کے گرانے کو صلم کہتے ہیں۔ چنانچہ مفعولاتَ کے آخر سے لاتَ گر گیا۔ باقی رہا مفعو۔ اس کو فعلن ساکن العین سے بدل لیا۔ چنانچہ فعلن مفعولات کا اصلم ہے۔

کَسف یا کَشف : رکن کے آخر میں آنے والے وتد مقرون کے دوسرے حرف متحرک کو گرا دینا کسف یا کشف کہا جاتا ہے چنانچہ مفعولاتُ پر کسف کے عمل سے "ت" گر گئی۔ مفعولا باقی رہا۔ اسے مفعولن سے بدل لیا۔ کسف والے رکن کو مکسوف (یا مکشوف) کہتے ہیں۔ یہ زحاف عروض و ضرب سے خصوصیت رکھتا ہے۔

جَدع : رکن کے شروع میں سے دو سبب خفیف گرا کر وتد مفروق کے حرف آخر کو ساکن کر دینا جدع کہلاتا ہے۔ چنانچہ مفعولاتُ سے مفعو حذف ہوا تو لاتُ باقی رہا۔ یہ وتد مفروق ہے اس کی ت کو ساکن کر دیا۔ تو لات بنا اسے فاع سے بدل لیا گویا فاع مفعولات کا مجدوع ہے۔ یہ زحاف عروض و ضرب کے لئے مخصوص ہے۔

تَسکین : قدر بلگرامی کے الفاظ میں "جس مقام پر تین متحرک متوالی ایک جا ہو جائیں، خواہ ایک رکن کے ہوں مثلاً مفتعِلن یا فعِلاتن میں، خواہ دو رکن کے جس طرح مفعولُ مفاعیلن میں۔ پس درمیان والے متحرک کو ساکن کر لینا جیسے مثال اول و دوم کو مفعولن

اور مثال سوم کو مفعولن مفعولن بنا لینا"

تشعیث : تشعیث کے عمل کے بارے میں عروضیوں کے ہاں بہت سے اختلافات موجود ہیں۔ تاہم وہ اختلافات نتائج پر اثر انداز نہیں ہوتے۔ مختصر یہ کہ تشعیث، اجتماع خبن و تسکین کا نام ہے۔ نجم الغنی رامپوری کے الفاظ میں "مخبون مسکّن عین مشعث ہے اور مشعث عین مخبون مسکن ہے" چنانچہ فاعلاتن سے فعِلاتن مخبون بنا اور فعلاتن پر تسکین کے عمل سے عین ساکن ہو گیا۔ تو فعلاتن حاصل ہوا۔ جسے مفعولن سے بدل لیا۔ پس مفعولن، فاعلاتن کا مشعث ہے۔ اسے مخبون مسکن بھی کہا جاسکتا ہے۔

ثرم : اجتماع قبض و ثلم کو ثرم کہتے ہیں۔ چنانچہ فعولن سے نون قبض کی بدولت گر گیا، اور "ف" ثلم کے باعث جاتی رہی۔ باقی رہا عولُ جسے فعل یا فاع سے بدل لیا۔ ثرم کے عمل سے وجود میں آنے والا رکن اثرم کہلاتا ہے۔

ہتم : اجتماع حذف و قصر کو ہتم کہتے ہیں۔ پس مفاعیلن سے لن حذف کے باعث گر گیا۔ باقی رہا مفاعی، جس کی یائے تحتانی قصر کے باعث گر گئی اور عین ساکن ہو گیا تو مفاع بنا اسے فعول سے بدل لیا۔ یہ مفاعیلن کا اہتم ہے۔

شتر : عروض کی اصطلاح میں اجتماع خرم و قبض کو شتر کہتے ہیں۔ چنانچہ مفاعیلن سے خرم کے باعث میم گر گیا اور بہ سبب قبض حرف پنجم یائے تحتانی گری تو فاعلن رہ گیا۔ یہ مفاعیلن کا اشتر ہے۔

خرب : اجتماع خرم و کف کا اصطلاحی نام خرب ہے۔ چنانچہ مفاعیلن کا میم خرم کے باعث گر گیا۔ اور نون کف کے باعث جاتا رہا۔ باقی رہا فاعیلُ۔ اسے مفعولُ سے بدل لیتے ہیں۔ یہ مفاعیلن کی اخرب صورت ہے۔

شکل : خبن و کف کے اجتماع کو عروض کی اصطلاح میں شکل کہا جاتا ہے۔ چنانچہ فاعلاتن سے بہ سبب خبن الف گر گیا اور کف کے عمل سے نون حذف ہوا چنانچہ فاعلاتن کی مشکول صورت فعِلاتُ وجود میں آ گئی۔

وقص : اضمار و خبن کے اجتماع کو عروض کی اصطلاح میں وقص کہتے ہیں۔ یعنی جو رکن

ایک سبب ثقیل، ایک سبب خفیف اور ایک وتد مجموع سے مرکب ہو اس کے دوسرے حرف متحرک کو ساکن کرنا اور پھر گرا دینا۔ چنانچہ متفاعلن سے مفاعلن بنا جو متفاعلن کی موقوص صورت ہے۔

بتر : بتر سے مراد ہے خرم و جب کا اجتماع چنانچہ مفاعیلن کی میم بسبب خرم کے اور دونوں سبب خفیف جب کے باعث گر گئے تو فا باقی رہا۔ اسے فع سے بدل لیا۔ یہ مفاعیلن کا ابتر ہے۔ ظاہر ہے کہ جب بتر سے مراد ہے اجتماع خرم و جب تو فعولن اور فاعلاتن میں اس کا عمل چل ہی نہیں سکتا۔ لیکن عروضیوں نے فعولن اور فاعلاتن کی ابتر صورتیں بھی گنائی ہیں۔ اور ان ارکان میں بتر کا عمل کرنے کے لئے بتر کی تعریف ہی بدل دی ہے۔ جس کی وجہ سے یہ زحاف سخت پریشانی کا باعث بن گیا ہے۔ چنانچہ نجم الغنی رامپوری نے بحر الفصاحت میں بتر کے بارے میں لکھا ہے "یہ زحاف تین طرح پر ہے۔ یعنی اجتماع ثلم و حذف کو بھی بتر کہتے ہیں جیسے فعولن سے فاع، اور اجتماع حذف و قطع کو بھی بتر کہتے ہیں جیسے فاعلاتن سے فعلن اور اجتماع خرم و جب کو بھی بتر کہتے ہیں جیسے مفاعیلن سے فع۔ پس بعض رکن میں اس کا لقب ابتر ہوتا ہے اور بعض میں مقطوع و محذوف کہتے ہیں اور بعض میں اخرم و مجبوب بولتے ہیں"

نحر : اجتماع صلم و حذف کو نحر کہتے ہیں۔ یعنی پہلے رکن کے آخر سے وتد مفروق گرانا پھر بقیہ رکن کے آخر سے سبب خفیف گرا دینا۔ چنانچہ مفعولاتُ سے پہلے لاتُ اور پھر عو گر گیا۔ باقی رہا مف۔ جسے فع سے بدل لیا یہ مفعولاتُ کی منحور صورت ہے۔

باب سوم

اوزانِ اقبال

اس باب میں علامہ اقبال کے استعمال کردہ ہر وزن کی ضروری تفصیل دینے کے بعد بقیدِ کتاب ان تمام نظموں کے عنوانات اور مصرع ہائے اولیٰ درج کر دئے گئے ہیں جو اس وزن خاص میں لکھی گئی ہیں۔ نظموں کی نشاندہی میں تصانیف اقبال کی حسب ذیل ترتیب ملحوظ رکھی گئی ہے:

۱۔ بانگ درا — ۲۔ بالِ جبریل

۳۔ ضرب کلیم — ۴۔ ارمغان حجاز

۵۔ اسرار خودی — ۶۔ رموز بے خودی

۷۔ پیامِ مشرق — ۸۔ زبور عجم

۹۔ جاوید نامہ — ۱۰۔ پس چہ باید کرد

۱۱۔ مثنوی مسافر (اسے الگ کتاب شمار کیا گیا ہے)

اگر کسی کتاب میں کسی وزن خاص کی کوئی نظم شامل نہیں تو اس وزن کے تحت اس کتاب کا مطلق ذکر نہیں کیا گیا۔ مثلاً اگر کسی وزن میں ارمغان حجاز کے بعد پیام مشرق کا ذکر آجاتا ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ اسرار خودی اور رموز بے خودی میں وہ وزن استعمال ہی نہیں ہوا۔

وزن نمبر ا

(ا) بحر رمل مثمن محذوف الآخر : فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن (دو بار)

(ب) بحر رمل مثمن مقصور الآخر : فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلات (دو بار)

بالفاظ دیگر

(ا) آٹھ رکن کا شعر۔ عروض و ضرب محذوف (= فاعلن) باقی سالم (= فاعلاتن) دو بار

(ب) آٹھ رکن کا شعر۔ عروض و ضرب مقصور (= فاعلات) باقی سالم (= فاعلاتن) دو بار

(نوٹ) ا۔ یاد رہے کہ بحر رمل کا اساسی رکن فاعلاتن ہے۔

۲۔ چونکہ حذف و قصر یا بالفاظ دیگر کسی وزن کی محذوف الآخر اور مقصور الآخر صورتوں کو ایک شعر، نظم یا غزل میں جمع کرنا جائز ہے۔ اس لئے یہ دو وزن عملی اعتبار سے ایک وزن کا درجہ رکھتے ہیں۔

۳۔ بعض ماہرین عروض فاعلاتن کی مقصور صورت یعنی فاعلات کو فاعلان سے بدل لیتے ہیں تاکہ فاعلات کے مضموم التا سے التباس نہ ہو۔ بعض اسے یونہی رہنے دیتے ہیں۔ چنانچہ فاعلاتن کی مقصور صورت فاعلات بھی درست ہے اور فاعلان بھی۔

بانگِ درا

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	حصہ اول		
۱	ہمالہ	مسدس ترکیب بند	اے ہمالہ اے فصیلِ کشورِ ہندوستاں
۲	گلِ رنگیں	مسدس ترکیب بند	تو شناسائے خراشِ عقدۂ مشکل نہیں
۳	عہدِ طفلی	مسدس ترکیب بند	تھے دیارِ نو زمین و آسماں میرے لیے
۴	مرزا غالب	مسدس ترکیب بند	فکرِ انساں پر تری ہستی سے یہ روشن ہوا
۱۳	خفتگانِ خاک سے استفسار	مثنوی	مہرِ روشن چھپ گیا اٹھی نقابِ روئے شام
۱۶	صدائے درد	مثنوی	جل رہا ہوں کل نہیں پڑتی کسی پہلو مجھے
۲۰	آفتابِ صبح	مسدس ترکیب بند	شورشِ میخانۂ انساں سے بالاتر ہے تو
۲۲	گلِ پژمردہ	مثنوی	کس زباں سے اے گلِ پژمردہ تجھ کو گل کہوں
۲۳	سید کی لوحِ تربت	مثنوی	اے کہ تیرا مرغِ جاں تارِ نفس میں ہے اسیر
۲۴	ماہِ نو	مثنوی	ٹوٹ کر خورشید کی کشتی ہوئی غرقابِ نیل
۲۹	شاعر	مسدس ترکیب بند	قوم گویا جسم ہے افراد ہیں اعضائے قوم
۳۲	رخصت اے بزمِ جہاں	مثنوی	رخصت اے بزمِ جہاں سوئے وطن جاتا ہوں میں
۳۳	طفلِ شیر خوار	مثنوی	میں نے چاقو تجھ سے چھینا ہے تو چلاتا ہے تو
۳۵	نالۂ فراق	مسدس ترکیب بند	جا بسا مغرب میں آخر اے مکاں تیرا مکیں
۳۶	چاند	مثنوی	میرے ویرانے سے کوسوں دور ہے تیرا وطن
۴۴	داغ	مثنوی	عظمتِ غالب ہے اک مدت سے پیوندِ زمیں
۴۷	بچہ اور شمع	مثنوی	کیسی حیرانی ہے یہ اے طفلکِ پروانہ خو

۵۰	**غزلیات**		
	۴	غزل	لاؤں وہ تنکے کہاں سے آشیانے کے لیئے
	۵	غزل	کیا کہوں اپنے چمن سے میں جدا کیونکر ہوا
	۱۲	غزل	سختیاں کرتا ہوں دل پر غیر سے غافل ہوں میں
	حصہ دوم		
۵۴	سوامی رام تیرتھ	مثنوی	ہم بغل دریا سے ہے اے قطرۂ بے تاب تو
۶۱	وصال	مثنوی	جستجو جس گل کی تڑپاتی تھی اے بلبل مجھے
۶۳	عاشقِ ہرجائی	ترکیب بند	ہے عجب مجموعۂ اضداد اے اقبال تو
			(نوٹ : دو بند ہیں۔ ہر بند مطلع سے عاری ہے)
۷۴	صقلیہ	مثنوی	رو لے اب دل کھول کر اے دیدۂ خونابہ بار
۷۵	**غزلیات**		
	۱	غزل	زندگی انساں کی اک دم کے سوا کچھ بھی نہیں
	۵	غزل	یوں تو اے بزمِ جہاں دلکش تھے ہنگامے ترے
			(نوٹ : غزل مطلع سے عاری ہے)
	حصہ سوم		
۷۶	بلادِ اسلامیہ	مثنوی	سرزمیں دلی کی مسجودِ دلِ غمدیدہ ہے
۷۹	گورستانِ شاہی	مثنوی	آسماں بادل کا پہنے خرقۂ دیرینہ ہے
۸۰	نمودِ صبح	قصیدہ	ہو رہی ہے زیرِ داماں افق سے آشکار
۸۲	فلسفۂ غم	مثنوی	گو سراپا کیفِ عشرت ہے شرابِ زندگی
۸۶	ایک حاجی مدینے کے راستے میں	مثنوی	قافلہ لوٹا گیا صحرا میں اور منزل ہے دور
۹۸	غرۂ شوال یا ہلالِ عید	مثنوی + قصیدہ + بیت مصرع)	غرۂ شوال اے نورِ نگاہِ روزہ دار
			(نوٹ : پہلے سات شعر بصورتِ مثنوی پھر

۹۹	شمع اور شاعر	ترکیب بند	(گیارہ شعر کا ایک بند بصورت ترکیب بند) دوش می گفتم بہ شمع منزل ویران خویش (نوٹ: ہر بند مطلع سے عاری ہے)
۱۰۰	مسلم	مثنوی	ہر نفس اقبال تیرا آہ میں مستور ہے
۱۰۸	نوید صبح	مثنوی	آتی ہے مشرق سے جب ہنگامہ در دامن سحر
۱۱۱	فاطمہ بنت عبداللہ	مثنوی	فاطمہ تو آبروئے ملت مرحوم ہے
۱۱۷	تضمین بر شعر ابوطالب کلیم	قطعہ	خوب ہے تجھ کو شعار صاحب یثرب کا پاس
۱۲۲	والدہ مرحومہ کی یاد میں	مثنوی	ذرہ ذرہ دہر کا زندانیٔ تقدیر ہے
۱۲۳	شعاع آفتاب	مثنوی	صبح جب میری نگہ سودائیٔ نظارہ تھی
۱۲۶	نانک	مثنوی	قوم نے پیغام گوتم کی ذرا پروا نہ کی
۱۲۷	کفر و اسلام (تضمین بر شعر میر رضی دانش)	نظم جدید ہیئت نمبر ۲	ایک دن اقبال نے پوچھا کلیم طور سے
۱۳۵	مذہب ص ۲۷۹	قطعہ	اپنی ملت پر قیاس اقوام مغرب سے نہ کر
۱۴۱	اسیری	قصیدہ	ہے اسیری اعتبار افزا جو ہو فطرت بلند
۱۴۳	ہمایوں	مثنوی	اے ہمایوں زندگی تیری سراپا سوز تھی
۱۴۴	خضر راہ	ترکیب بند	ساحل دریا پہ میں اک رات تھا محوِ نظر (نوٹ: بیشتر بند مطلع سے عاری ہیں)
۱۴۶	**غزلیات**		
۲		غزل	یہ سرود قمری و بلبل فریب گوش ہے
۱۴۷	**ظریفانہ**		
۳		قطعہ	شیخ صاحب بھی تو پردے کے کوئی حامی نہیں

	۸	قطعہ	انتہا بھی اس کی ہے آخر خریدیں کب تلک
	۱۵	قطعہ	ممبری امپریل کونسل کی کچھ مشکل نہیں
	۲۳	قطعہ	محنت و سرمایہ دنیا میں صف آرا ہو گئے
	۲۴	قطعہ	شام کی سرحد سے رخصت ہے وہ رندِ لم یزل
	۲۷	قطعہ بتصریع شعر اول	کارخانے کا ہے مالک مردکِ ناکردہ کار

بالِ جبریل

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
		فرد (بیت مصرع)	پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
۱۴/۱		غزل	اپنی جولانگاہ زیرِ آسماں سمجھا تھا میں
۷/۲		غزل	پھر چراغِ لالہ سے روشن ہوئے کوہ و دمن
۹/۲		غزل	عشق سے پیدا نوائے زندگی میں زیر و بم
	قید خانہ میں معتمد کی فریاد	قطعہ	اک فغانِ بے شرر سینے میں باقی رہ گئی
	گدائی	قصیدہ	میکدے میں ایک دن اک رندِ زیرک نے کہا
	الارض للہ	قطعہ ، بیت مصرع	پالتا ہے بیج کو مٹی کی تاریکی میں کون
	نصیحت	قطعہ	بچۂ شاہیں سے کہتا تھا عقابِ سالخورد
	جبریل و ابلیس	قصیدہ	ہمدمِ دیرینہ کیسا ہے جہانِ رنگ و بو
	مسولینی	قصیدہ	ندرتِ فکر و عمل کیا شے ہے ذوقِ انقلاب
	خانقاہ	قطعہ	رمز و ایما اس زمانے کے لئے موزوں نہیں
	یورپ	قطعہ	تاک میں بیٹھے ہیں مدت سے یہودی سود خوار
	شیر اور خچر	قطعہ	ساکنانِ دشت و صحرا میں ہے تو سب سے الگ

ضرب کلیم

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	اسلام اور مسلمان		
۴۳	تقدیر (ابلیس و یزداں)	قطعہ	اے خدائے کن فکاں مجھ کو نہ تھا آدم سے بیر
۵۲	جان و تن	قطعہ	عقل مدت سے ہے اس پیچاک میں الجھی ہوئی
	تعلیم و تربیت		
۸۳	تربیت	قطعہ	زندگی کچھ اور شے ہے علم ہے کچھ اور شے
	ادبیات، فنون لطیفہ		
۱۳۰	مرزا بیدل	قطعہ	ہے حقیقت یا مری چشم غلط بیں کا فساد
۱۴۵	رقص و موسیقی	نظم جدید ہیئت نمبر ۵	شعر سے روشن ہے جان جبرئیل و اہرمن
	سیاسیات مشرق و مغرب		
۱۶۸	مسولینی (اپنے مشرقی اور مغربی حریفوں سے)	قطعہ	کیا زمانے سے نرالا ہے مسولینی کا جرم
۱۸۳	**محراب گل افغان کے افکار**		
	۸-	قصیدہ	زاغ کہتا ہے نہایت بدنما ہیں تیرے پر

ارمغان حجاز

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	ابلیس کی مجلس شوریٰ		
	ابلیس	قصیدہ	یہ عناصر کا پرانا کھیل یہ دنیائے دوں
	پہلا مشیر	قصیدہ	اس میں کیا شک ہے کہ محکم ہے یہ ابلیسی نظام
	دوسرا مشیر پہلا مشیر	قصیدہ	خیر ہے سلطانیٔ جمہور کا غوغا کہ شر؟
	تیسرا مشیر چوتھا مشیر تیسرا مشیر	قصیدہ	روح سلطانی رہے باقی تو پھر کیا اضطراب
	پانچواں مشیر	قصیدہ	اے ترے سوز نفس سے کار عالم استوار
	ابلیس اپنے مشیروں سے	ترکیب بند	ہے مرے دست تصرف میں جہان رنگ و بو
	عالم برزخ		
	صدائے غیب	قصیدہ	نے نصیب مار و کژدم نے نصیب دام و دد
	قبر اپنے مردہ سے	قطعہ	آہ ظالم تو جہاں میں بندۂ محکوم تھا
	صدائے غیب	قصیدہ	گرچہ برہم ہے قیامت سے نظام ہست و بود
			(نوٹ: اس نظم کے پہلے تین حصے وزن نمبر ۷ میں ہیں اور آخری حصہ جو زمین کے ذیلی عنوان کے تحت آیا ہے وزن نمبر ۲۳ میں ہے)
	معزول شہنشاہ	قطعہ	ہو مبارک اس شہنشاہ نکو فرجام کو

	ملازادہ ضیغم لولابی کشمیری کی بیاض		
	۳	قصیدہ	آج وہ کشمیر ہے محکوم و مجبور و فقیر
	۴	قصیدہ	گرم ہو جاتا ہے جب محکوم قوموں کا لہو

پیامِ مشرق

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	افکار		
۵	دعا	قطعہ	اے کہ از خم خانۂ فطرت بجامم ریختی
۵۵	**مئی باقی**		
	۳	غزل	می تراشد فکر ما ہر دم خداوندے دگر
	۱۲	غزل	آشنا ہر خار را از قصۂ ما ساختی
	۱۸	غزل	موج را از سینۂ دریا گسستن می تواں
	۴۴	غزل	شعلہ در آغوش دارد عشق بے پروائے من
	نقش فرنگ		
۵۹	فلسفہ و سیاست	قطعہ	فلسفی را با سیاست داں بیک میزاں مسنج
۶۰	صحبت رفتگاں :-		
	کارل مارکس	فرد (بیت مصرع)	راز دان جزو و کل از خویش نامحرم شد است

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	مزدک	قطعہ	دانۂ ایراں زکشتِ زار و قیصر بر دمید
۶۷	حکیم آئن سٹائن	قصیدہ	جلوۂ می خواست مانند کلیم ناصبور
۶۸	ہیگل	قطعہ	حکمتش معقول و با محسوس در خلوت نرفت
۷۱	مے خانۂ فرنگ	قطعہ + بیت مصرع	یاد ایامیکہ بودم در خمستان فرنگ
۸۰	خردہ		
	۸	فرد (بیت مصرع)	اے برادر من ترا از زندگی دادم نشاں
	۱۰	قطعہ	از نزاکت ہائے طبع موشگاف او مپرس

زبورِ عجم

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	حصہ اول		
۱		فرد (بیت مصرع)	عشق شور انگیز را ہر جادہ در کوئے تو برد
۱۹		مستزاد	یا مسلماں رامدہ فرماں کہ جاں برکف بنہ
۲۰		غزل	عقل ہم عشق است و از ذوق نگہ بیگانہ نیست
۴۵		غزل	یاد ایامیکہ خوردم بادہ ہا با چنگ و نے
۵۶		غزل	اے خدائے مہر و مہ خاک پریشانے نگر
	حصہ دوم		
۱۲	-	غزل	خضر وقت از خلوتِ دشت حجاز آید بروں
۲۳	-	غزل	از نوا بر من قیامت رفت و کس آگاہ نیست
۲۵	-	غزل	لالۂ صحرایم از طرف خیابانم برید

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
۳۰		مستزاد	خواجہ از خونِ رگ مزدور سازد لعل ناب
۳۱		غزل	گرچہ می دانم کہ روزے بے نقاب آید بروں
۴۱		غزل	عشق اندر جستجو افتاد و آدم حاصل است
۴۳		غزل	عشق را نازم کہ بودش را غم نابود نے
۴۴		غزل	بر دل بے تاب من ساقی مئے نابے زند
۵۷		غزل	چوں چراغ لالہ سوزم در خیابان شما
۷۰		غزل	لالۂ ایں گلستاں داغ تمنائے نداشت

جاوید نامہ

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	(نوٹ : جاوید نامہ مثنوی ہے جو وزن نمبر ۴ میں لکھی گئی ہے لیکن اس میں دیگر اوزان اور ہیئتوں سے بھی کام لیا گیا ہے۔ چنانچہ مندرجہ ذیل منظومات کا تعلق وزن نمبر ۱ سے ہے)		
		فرد (بیت غیر مصرّع)	جمع کردم مشت خاشاکے کہ سوزم خویش را صہ ۱۸۴ (نوٹ : یہ شعر جو باب آنسوئے افلاک میں

۶۲	نمودار می شود روح ناصرخسرو علوی و غزلے مستانہ سرائیدہ غائب می شود	غزل	آیا ہے غنی کاشمیری کا ہے)۔ درست را چو مرکب تیغ و قلم کردی مدار (نوٹ: یہ غزل ناصرخسرو کی ہے۔ مطلع ندارد)

وزن نمبر ۲

ا۔ رمل مثمن مخبون مشعث مقصور: فعِلاتن فعلاتن فعِلاتن فعْلان (دو بار)

ب۔ رمل مثمن مخبون مقصور: فعِلاتن فعِلاتن فعِلاتن فعِلان (دو بار)

ج۔ رمل مثمن مخبون محذوف مسکن: فعِلاتن فعِلاتن فعِلاتن فعْلن (دو بار)

د۔ رمل مثمن مخبون محذوف: فعِلاتن فعِلاتن فعِلاتن فعِلن (دو بار)

نجم الغنی رامپوری کے الفاظ ہیں "ان چاروں وزنوں کے واسطے ایک حکم ہے اور اجتماع ایک غزل میں روا ہے اور اگر سب میں پہلا رکن سالم ہووے یا صدر سالم ہووے اور ابتدا مخبون یا اس کے برعکس تو بھی شعر ناموزوں نہ ہوگا۔"[1]

علامہ اقبال نے یہ چاروں وزن جمع کئے ہیں لیکن صدر و ابتداء کا رکن بالعموم سالم ہی استعمال کیا ہے۔ یعنی جہاں تک اس وزن خاص کا تعلق ہے۔ علامہ اقبال کے بیشتر مصرعوں کا آغاز فاعلاتن کے رکن سے ہوتا ہے۔ چنانچہ بیشتر مصرعوں کی شکل یہ ہے:

فاعلاتن فعِلاتن فعِلاتن فعْلان

فاعلاتن فعِلاتن فعِلاتن فعِلان

---

[1] بحر الفصاحت صفحہ ۲۰۔

فاعلاتن فعِلاتن فعِلاتن فعْلن
فاعلاتن فعِلاتن فعِلاتن فعِلن

بہت تھوڑے مصرعوں نے یہ شکل اختیار کی ہے:

فعلاتن	فعِلاتن	فعِلاتن	فعْلان
"	"	"	فعِلان
"	"	"	فعْلن
"	"	"	فعِلن

مؤخرالذکر صورت کے مقابلے میں اول الذکر صورت کی روانی، ترنم اور موسیقیت ظاہر ہے۔
بحرِ رمل کا اساسی رکن فاعلاتن ہے ان اوزان میں فاعلاتن کی جو فروع استعمال ہوئی ہیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱۔ فاعلاتن : سالم
۲۔ فعِلاتن : مخبون
۳۔ فعِلان یا فعِلات : مخبون مقصور
۴۔ فعِلن : مخبون محذوف
۵۔ فعْلن : مشعث محذوف یا مخبون محذوف مسکن
۶۔ فعْلان : مشعث مقصور

بانگِ درا

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	حصہ اول		
۵	ابر کوہسار	مسدس ترکیب بند	ہے بلندی سے فلک بوس نشیمن میرا
۹	بچے کی دعا	مثنوی	لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
۲۵	انسان اور بزم قدرت	مثنوی	صبح خورشید درخشاں کو جو دیکھا میں نے
۳۰	دل	قصیدہ + بیت مصرع	قصۂ دار و رسن بازیٔ طفلانۂ دل
۳۱	موج دریا	مسدس ترکیب بند	مضطرب رکھتا ہے میرا دل بے تاب مجھے
۴۱	صبح کا ستارہ	مثنوی	لطف ہمسائگی شمس و قمر کو چھوڑوں
	حصہ دوم		
۵۷	حسن و عشق	نظم جدید ہیئت نمبر ۴	جس طرح ڈوبتی ہے کشتیٔ سیمین قمر
۵۸	... کی گود میں بلی دیکھ کر	مثنوی	تجھ کو دزدیدہ نگاہی یہ سکھا دی کس نے
۵۹	کلی	مثنوی	جب دکھاتی ہے سحر عارض رنگیں اپنا
۶۵	نوائے غم	مثنوی	زندگانی ہے مری مثل رباب خاموش
۶۸	جلوۂ حسن	مثنوی	جلوۂ حسن کہ ہے جس سے تمنا بے تاب
۷۳	عبدالقادر کے نام	قطعہ + بیت مصرع	اٹھ کہ ظلمت ہوئی پیدا افق خاور پر
	حصہ سوم		
۸۸	شکوہ	مسدس ترکیب بند	کیوں زیاں کار بنوں سود فراموش رہوں
۹۰	رات اور شاعر	مثنوی	میں ترے چاند کی کھیتی میں گہر بوتا ہوں
			(نوٹ: اس نظم کا دوسرا حصہ جو شاعر کی تقریر پر مشتمل ہے اور جس کے لئے شاعر کا ذیلی عنوان

			بھی دیا گیا ہے، اس وزن میں ہے۔ لیکن پہلا حصہ جرأت کی تقریر پر مشتمل ہے اور "رات" کے ذیلی عنوان کے تحت آیا ہے وزن نمبر ۱۷ میں ہے۔)
۹۳	نصیحت	قطعہ	میں نے اقبال سے ازرہِ نصیحت یہ کہا
۱۰۳	جوابِ شکوہ	مسدس ترکیب بند	دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
۱۰۵	تعلیم اور اس کے نتائج (تضمین بر شعر ملا عرشی)	قطعہ + بیت مصرع	خوش تو ہم بھی ہیں جوانوں کی ترقی سے مگر
۱۳۷	شبِ معراج	قطعہ	اخترِ شام کی آتی ہے فلک سے آواز
۱۳۹	شیکسپیئر	ترکیب بند	شفق صبح کو دریا کا خرامِ آئینہ (نوٹ: دوسرا بند مطلع سے عاری ہے)
۱۴۶	**غزلیات**		
	۳	غزل	نالہ ہے بلبلِ شوریدہ ترا خام ابھی
	۴	غزل	پردہ چہرے سے اٹھا انجمن آرائی کر
۱۴۷	**ظریفانہ**		
	۱۸	قطعہ	دیکھئے چلتی ہے مشرق کی تجارت کب تک
	۱۹	قطعہ	گائے اک روز ہوئی اونٹ سے یوں گرم سخن

بالِ جبریل

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
		فرد (بیت مصرع)	اٹھ کہ خورشید کا سامانِ سفر تازہ کریں
۱/۹		غزل	لا پھر اک بار وہی بادہ و جام اے ساقی
۲/۳۱		غزل	تازہ پھر دانشِ حاضر نے کیا سحرِ قدیم
۲/۳۲		غزل	مکتبوں میں کہیں رعنائیِ افکار بھی ہے
۲/۴۴		غزل	حادثہ وہ جو ابھی پردۂ افلاک میں ہے
۲/۵۶		غزل	کھو نہ جا اس سحر و شام میں اے صاحبِ ہوش
۲/۵۷		غزل	تھا جہاں مدرسۂ شیری و شاہنشاہی
	ملا اور بہشت	قطعہ	میں بھی حاضر تھا وہاں ضبطِ سخن کر نہ سکا
	نپولین کے مزار پر	قصیدہ	راز ہے راز ہے تقدیرِ جہانِ تگ و تاز

ضربِ کلیم

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	اسلام اور مسلمان		
۱	صبح	قطعہ	یہ سحر جو کبھی فردا ہے کبھی ہے امروز
۳	تن بہ تقدیر	قطعہ	اسی قرآں میں ہے اب ترکِ جہاں کی تعلیم
۹	اجتہاد	قطعہ	ہند میں حکمتِ دیں کوئی کہاں سے سیکھے

۱۴	توحید	قطعہ	زندہ قوت تھی جہاں میں یہی توحید کبھی
۲۰	فقر و ملوکیت	قطعہ	فقر جنگاہ میں بے ساز و یراق آتا ہے
۲۱	اسلام	قطعہ	روح اسلام کی ہے نور خودی نار خودی
۲۲	حیات ابدی	قطعہ	زندگانی ہے صدف قطرۂ نیساں ہے خودی
۳۱	وحی	قطعہ	عقل بے مایہ امامت کی سزاوار نہیں
۴۶	امامت	قطعہ	تو نے پوچھی ہے امامت کی حقیقت مجھ سے
۵۳	لاہور و کراچی	قطعہ	نظر اللہ پہ رکھتا ہے مسلمان غیور
۵۴	نبوت	قطعہ	میں نہ عارف نہ مجدد نہ محدث نہ فقیہہ

تعلیم و تربیت

۶۹	زمانۂ حاضر کا انسان	قطعہ	عشق ناپید و خرد می گزدش صورت مار
۷۰	اقوام مشرق	قطعہ	نظر آتے ہیں بے پردہ حقائق ان کو
۸۱	حکومت	قطعہ	ہے مریدوں کو تو حق بات گوارا لیکن
۸۶	مہمان عزیز	قطعہ	پرہے افکار سے ان مدرسہ والوں کا ضمیر
۸۷	عصر حاضر	قطعہ	پختہ افکار کہاں ڈھونڈنے جائے کوئی
۹۰	مدرسہ	قطعہ	عصر حاضر ملک الموت ہے تیرا جس نے
۹۴	دین و تعلیم	قطعہ	مجھ کو معلوم ہیں پیران حرم کے انداز

عورت

۱۰۴	عورت ص ۹۶	قطعہ	جوہر مرد عیاں ہوتا ہے بے منت غیر

ادبیات، فنون لطیفہ

۱۰۸	اپنے شعر سے	قطعہ	ہے گلہ مجھ کو تری لذت پیدائی کا

۱۱۰	ادبیات	نظم جدید ہیئت نمبر ۵	عشق اب پیرویٔ عقلِ خدا داد کرے
۱۱۲	مسجد قوت الاسلام	قطعہ	ہے مرے سینۂ بے نور میں اب کیا باقی
۱۱۹	وجود	قصیدہ	اے کہ ہے زیرِ فلک مثلِ شرر تیری نمود
۱۲۲	مخلوقاتِ ہنر	قطعہ	ہے یہ فردوسِ نظر اہلِ ہنر کی تعمیر
۱۳۳	سرودِ حلال	قطعہ	کھل تو جاتا ہے مغنی کے بم و زیر سے دل
۱۳۸	ہنروران ہند	قطعہ	عشق و مستی کا جنازہ ہے تخیل ان کا
۱۳۶	مرد بزرگ	قصیدہ	اس کی نفرت بھی عمیق اس کی محبت بھی عمیق
۱۴۰	عالم نو	قصیدہ	زندہ دل سے نہیں پوشیدہ ضمیرِ تقدیر
۱۴۷	رقص	غزل	چھوڑ یورپ کے لئے رقصِ بدن کے خم و پیچ
	سیاسیاتِ مشرق و مغرب		
۱۵۹	خواجگی	قطعہ	دورِ حاضر ہے حقیقت میں وہی عہدِ قدیم (نوٹ: تین شعروں پر مشتمل اس نظم کے پانچ مصرعے وزن نمبر ۱ میں بھی پڑھے جا سکتے ہیں اور وزن نمبر ۲ میں بھی۔ صرف تیسرے شعر کا پہلا مصرع ہے جو وزن نمبر ۱ میں نہیں پڑھا جا سکتا صرف وزن نمبر ۲ میں پڑھا جاسکتا ہے)
۱۶۰	غلاموں کے لئے	قطعہ	حکمتِ مشرق و مغرب نے سکھایا ہے مجھے
۱۶۱	اہل مصر سے	قطعہ	خود ابوالہول نے یہ نکتہ سکھایا مجھ کو
۱۶۸	نفسیاتِ غلامی ص۱۶۱	قطعہ	سخت باریک ہیں امراضِ امم کے اسباب

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
۱۸۳	محرابِ گل افغان کے افکار		
	۹	قصیدہ	عشق طینت میں فرومایہ نہیں مثلِ ہوس
	۱۱	قصیدہ	جس کے پرتو سے منور رہی تیری شب دوش

ارمغانِ حجاز

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	سر اکبر حیدری صدرِ اعظم حیدر آباد دکن کے نام	قطعہ	تھا یہ اللہ کا فرماں کہ شکوہِ پرویز

اسرارِ خودی

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
		فرد (بیت غیر مصرع)	نیست در خشک و تر بیشۂ من کوتاہی [نمبر ۳] (نوٹ: اسرارِ خودی وزن نمبر ۴ میں ہے البتہ اس کی تمہید میں نظیری کا یہ شعر درج ہوا ہے جو وزن نمبر ۱ میں ہے۔)

پیامِ مشرق

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	افکار		
۷	تسخیر فطرت (ا۔ میلادِ آدم)	قصیدہ	نعرہ زد عشق کہ خونیں جگرے پیدا شد
۳۴	جہانِ عمل	قصیدہ + بیت مصرع	ہست ایں میکدہ و دعوتِ عام است ایں جا
۴۵	بندگی	قصیدہ	دوش در میکدہ ترسا بچۂ بادہ فروش
۴۶	غلامی	قطعہ بتصریع شعر اول	آدم از بے بصری بندگی آدم کرد
۵۱	خطاب بہ مصطفیٰ کمال پاشا	قطعہ	امتے بود کہ ما از اثر حکمت او
۵۵	**مئے باقی**		
۲		غزل	حلقہ بستند سرِ تربتِ من نوحہ گراں
۱۶		غزل	دانۂ سبحہ بہ زنار کشیدن آموز
۲۲		غزل	حسرتِ جلوۂ آں ماہِ تمامے دارم
۲۵		غزل	بے تو از خواب عدم دیدہ کشودن نتواں
۲۷		غزل	ہوس منزل لیلیٰ نہ تو داری و نہ من
۲۹		غزل	در جہانِ دل ما دورِ قمر پیدا نیست
۳۲		غزل	سطوت از کوہ ستانند و بکاہے بخشند
۳۵		غزل	مثل آئینہ مشو محوِ جمالِ دگراں
۳۷		غزل	خواجۂ نیست کہ چوں بندہ پرستارش نیست
۴۱		غزل	نظر تو ہمہ تقصیر و خرد کوتاہی

	۴۲	غزل	سرخوش از بادۂ تو خم شکنے نیست کہ نیست
	نقش فرنگ		
۵۶	پیام	ترکیب بند	از من اے باد صبا گوئی بدانائے فرنگ
			(نوٹ: پہلا بند مطلع سے عاری ہے)
۵۷	جمعیت الاقوام	قطعہ	برفتد تا روش رزم دریں بزم کہن
۷۳	حکما:		
	لاک	فرد (بیت غیر مصرع)	ساغرش را سحر از بادۂ خورشید افروخت
	کانٹ	فرد (بیت مصرع)	فطرتش ذوق مئے آئنہ فامے آورد
	برگساں	فرد (بیت مصرع)	نہ مئے از ازل آورد نہ جامے آورد
۷۵	خرابات فرنگ	قطعہ	دوش رفتم بہ تماشائے خرابات فرنگ
۷۶	خطاب بہ انگلستان	قطعہ	مشرقی بادہ چشید است زمینائے فرنگ

زبورِ عجم

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	بخوانندۂ کتاب زبور	قصیدہ	می شود پردۂ چشم پرکاہے گاہے
	حصہ اول		
۱۱		غزل	گرچہ شاہین خرد بر سر پروازے ہست
۱۲		غزل + بیت مصرع	ایں جہاں چیست صنم خانۂ پندارِ من است
۲۳		غزل	ساقیا بر جگرم شعلۂ نمناک انداز
۲۹		غزل	مرغ خوش لہجہ و شاہین شکاری از تست

۳۱		غزل	بر جہانِ دلِ من تاختنش را نگرید
۴۴		غزل	رمز عشق تو بہ ارباب ہوس نتواں گفت
۵۵		غزل	ما کہ افتندہ تر از پرتوِ مہ آمدہ ایم
	حصہ دوم		
۷		غزل	خرد از ذوق نظر گرمِ تماشا بود است
۹		غزل	لالۂ ایں چمن آلودۂ رنگ است ہنوز
۱۰		غزل	تکیہ بر حجت و اعجاز بیاں نیز کنند
۲۱		غزل	باز بر رفتہ و آئندہ نظر باید کرد
۲۶		غزل	سخن تازہ زدم کس بسخن وا نرسید
۲۷		غزل	عاشق آں نیست کہ لب گرمِ فغانے دارد
۳۳		غزل	زندگی در صدفِ خویش گہر ساختن است
۵۲		غزل	مئے دیرینہ و معشوق جواں چیزے نیست
۶۲		غزل	بگذر از خاور و افسونیٔ افرنگ مشو
۶۹		غزل	باز ایں عالم دیرینہ جواں می بایست
۷۴		غزل	کم سخن غنچہ کہ در پردۂ دل رازے داشت

جاوید نامہ

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	(نوٹ: جاوید نامہ مثنوی ہے جو وزن نمبر ۲ میں لکھی گئی ہے لیکن		

	اس میں دیگر اوزان اور ہیئتوں سے بھی کام لیا گیا ہے۔ چنانچہ حسب ذیل منظومات کا تعلق وزن نمبر ۲ سے ہے) طاسین گوتم: توبہ آوردن زن رقاصہ عشوہ فروش: گوتم	غزل + غزل بلا مطلع	مئے دیرینہ و معشوق جواں چیزے نیست (نوٹ: پہلی غزل زبور عجم سے لی گئی ہے۔ ملاحظہ فرمائیے زبور عجم حصہ دوم غزل نمبر ۵۲)
۲۸	غزل زندہ رود غزل ص۱۰۴	غزل غزل	ای گل و لالہ تو گوئی کہ مقیم اند ہمہ باز بر رفتہ و آئندہ نظر باید کرد (نوٹ: یہ غزل بھی زبور عجم سے لی گئی ہے۔ ملاحظہ ہو زبور عجم حصہ دوم غزل نمبر ۲۱)
	برتری ہری ص۱۶۶ غزل ص۲۳	قصیدہ غزل	ای خدایان تنک مایہ ز سنگ اندوز خشت بگذر از خاور و افسونیٔ افرنگ مشو (نوٹ: یہ غزل بھی زبور عجم سے لی گئی ہے۔ ملاحظہ فرمائیے زبور عجم حصہ دوم غزل نمبر ۶۲)
۲۸			

وزن نمبر ۳

بحر رمل مثمن مشکول : فَعِلاتُ فاعلاتن فَعِلاتُ، فاعلاتن (دو بار)

با لفاظ دیگر

آٹھ رکن کا ایک شعر۔ علی التوالی ایک رکن مشکول، ایک رکن سالم

نوٹ: ۱۔ بحر رمل کا بنیادی رکن فاعلاتن ہے۔ اور عروض کی اصطلاح میں شکل سے مراد ہے خبن وکف کا اجتماع۔ چنانچہ فاعلاتن سے بسبب خبن الف گر گیا اور کف کے عمل سے نون حذف ہوا تو فاعلاتن سے فَعِلاتُ باقی رہا جو فاعلاتن کی مشکول صورت ہے۔

۲۔ اس وزن میں عروض وضرب کا مسبّغ (= فاعلیان) لانا بھی جائز ہے۔

بالِ جبریل

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
۱/۱		غزل	تجھے یاد کیا نہیں ہے مرے دل کا وہ زمانہ
۱۳/۱		غزل	وہی میری کم نصیبی وہی تیری بے نیازی
۲۲/۲		غزل	یہ پیام دے گئی ہے مجھے بادِ صبحگاہی

ضربِ کلیم

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
۲۸	غزل	غزل	دلِ مردہ دل نہیں ہے اسے زندہ کر دوبارہ
۷۶	غزل	غزل	نہ میں اعجمی نہ ہندی نہ عراقی و حجازی

پیامِ مشرق

نمبر شمار	نظم کا عنوان	ہیئت	پہلا مصرع
	افکار		
۷	تسخیرِ فطرت (۴- آدم از بہشت بیرون آمدہ می گوید)	قصیدہ + بیت مصرع	چہ خوش است زندگی را ہمہ سوز و ساز کردن

۳۷	حور و شاعر	قصیده + قصیده	نہ بہ بادہ میل داری نہ بمن نظر کشائی
۵۵	**مئی باقی**		
	۷	غزل	بملازمان سلطان خبرے دہم ز رازے
